ان تینوں میں حکومت نے ceasefire نہیں کیا کیونکہ کوئی بھی حکومت کبھی بھی ceasefire نہیں کرتی کیونکہ حکومت کے پیچھے law of the land ہوتا ہے، اس کے پیچھے آئین ہوتا ہے، اس کے پیچھے پاکستان کا قانون ہوتا ہے۔ اس کی ایک writ ہوتی ہے جس کو انہوں نے establish کرنا ہوتا ہے۔ ہمیشہ rebels ہی ہتھیار پھینکتے ہیں جو اپنی state کے خلاف arms اٹھاتے ہیں۔ Law and order بہت زبردست ہے، talks ہو رہی ہیں، پاکستان اور ساری دنیا انتظار میں ہے کہ سب بھائی بھائی ہوں تو سب بھائی بھائی ہو رہے ہیں مگر پشاور اور کراچی میں لوگ مارے جا رہے ہیں، ان کے سر کاٹے جا رہے ہیں کیونکہ وہ مزاروں پر جاتے ہیں۔ مستونگ اور کوئٹہ میں بے چارے شیعوں کو مارا گیا، کراچی، لاہور اور پشاور میں بھی روز مار رہے ہیں۔ چار بڑے bomb blasts ہوئے، پاکستانیوں کی قیمتی جانیں چلی گئیں اور ہم بہت خوش ہیں کہ طالبان نے claim نہیں کیا۔ وہ پاگل ہو گئے ہیں کہ claim کریں، وہ تو یہی کچھ کریں گے اور کہیں گے کہ ہم نہیں کر رہے۔ اگر وہ یہ نہیں کر رہے تو پھر آپ کس کے ساتھ talks کر رہے ہیں؟ اگر وہ اتنے اچھے لوگ ہیں اور یہ سب کچھ نہیں کر رہے، اگر انہوں نے پاکستان کے خلاف ہتھیار نہیں اٹھائے ہوئے، اگر وہ ہمارے لوگوں کو قتل نہیں کرتے، اگر وہ bomb blasts نہیں کرتے تو پھر آپ ان کے ساتھ کیا talks کر رہے ہیں؟ کیا آپ There is one and only communist, socialist یا کوئی بھی نظام پاکستان میں نافذ کر سکتے ہیں؟ نہیں۔ way کہ وہ لوگ elect ہو کر پارلیمنٹ میں آئیں، یہاں پر two third majority لیں اور Constitution change کر لیں۔ اگر آپ نے talks میں سب کچھ agree بھی کر لیا تو کیا آپ کے پاس two third majority ہے کہ آپ ہر چیز pass کروالیں؟ کیا آپ سینیٹ سے ہر چیز pass کروالیں گے؟ ہر چیز کو عقل سے دیکھا جائے۔ دنیا میں بہت سی insurgencies ہوئی ہیں، یہ جیت نہیں سکتیں nobody can fight against the power of the state. The state is the most powerful organization but state government کے پاس کوئی direction and vision ہو اور اس میں courage ہو۔ اگر وہ ڈرتی رہے گی، indecisive رہے گی تو لوگ مارے جائیں گے، روز قتل عام ہو گا اور کچھ بھی نہیں ہو گا کیونکہ پاکستان میں acceptability level بہت نیچے چلا گیا ہے اور ہمارے سامنے کوئی کسی لڑکی کو rape کرتا ہے یا کوئی کسی کو مار بھی رہا ہو تو کوئی بھی اس کی مدد نہیں کرتا۔ ہم سنتے ہیں کہ پچاس آدمی مارے گئے تو بس سن لیا۔ یہ حکومت کے ہاتھ میں ہے کہ وہ law and order situation improve کرے اور یہ حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ This is the primary responsibility of the government to give protection to the life, honour and property of the citizens. اس میں Federal Government اور چاروں صوبائی حکومتیں بھی ناکام ہوئی ہیں اور یہ abject

failure ہے، ان کے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ ہمارے لوگ مرتے رہیں گے، ان کے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. There is a calling attention notice in the name of Senator Saeed Ghani.

then we پڑھ دیں calling attention notice Respond کرنے کے لیے وزیر صاحب موجود ہیں، آپ یہ will continue with the debate. اگر یہ debate ہوتی رہی تو calling attention رہ جائے گا I thought that it is more appropriate. Please read out the calling attention notice.

Calling Attention Notice:

Regarding Building of Nuclear Reactors in Karachi

Senator Saeed Ghani: I beg to draw attention of the Minister Incharge of the Prime Minister's Office to a matter of sufficient public importance regarding building of two new nuclear reactors in Karachi with a new and untested design, which can prove a safety threat.

جناب! گزارش ہے کہ ابھی پچھلے دنوں وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف نے کراچی میں 1100, 1100 mega watts کے دو نئے nuclear power plants کا افتتاح کیا ہے اور ان سے ہمیں 2200 mega watt بجلی ملے گی۔ ہمیں اس چیز کا احساس ہے کہ ملک میں بجلی کی shortage ہے اور ملک میں جتنی جلد اور جتنے زیادہ ہو سکیں بجلی بنانے کے منصوبے لگنے چاہییں۔ اس منصوبے کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ جب امریکہ نے انڈیا سے civil nuclear technology کا معاہدہ کیا تو اس وقت پاکستان نے بھی امریکہ سے درخواست کی کہ ہمیں بھی یہ technology دی جائے تو انہوں نے انکار کر دیا۔ پچھلی حکومت میں جب گیلانی صاحب وزیر اعظم تھے، چین نے ایک بڑا step لیا اور پوری دنیا کی مخالفت کے باوجود پاکستان کو دو atomic reactor دینے کا فیصلہ کیا۔ اس حوالے سے امریکہ کی طرف سے US Nuclear Threat Initiative Report آئی جس میں اس منصوبے پر بہت سے خدشات کا اظہار کیا گیا تھا۔ اس میں بتایا گیا کہ کراچی جو کہ ایک کروڑ اسی لاکھ کی آبادی کا شہر ہے، اس آبادی کے قریب یہ plants لگائے جا رہے ہیں، خدانخواستہ کوئی ایسا حادثہ ہو گیا جیسا کہ 2011 میں جاپان میں فوکوشیما میں ہوا، اس سے پہلے چرنوبل کا واقعہ ہوا تھا اور ایک چھوٹا واقعہ Three Miles Island کا امریکہ میں ہوا لیکن ان خدشات کا حکومت کی طرف سے کوئی تسلی بخش جواب نہیں آیا جس سے کراچی کے لوگوں کو یہ اطمینان ہوتا کہ اگر ہمارے قریب اتنے بڑے منصوبے لگائے جا رہے ہیں اور خدانہ کرے زلزلہ یا سونامی آ جائے، دہشت گردی یا کوئی human error ہو جائے اور کسی سے غلطی ہو جائے تو اس کے نتیجے میں جو تباہی کے امکانات ہیں، ان سے بچنے کے لیے کیا security measures adopt کیے گئے ہیں۔ ایک اور تشویش کی بات یہ ہے کہ یہاں پر جو technology استعمال کی جا رہی ہے، وہ ابھی تک کہیں استعمال نہیں ہوئی۔ عمومی تاثر تو یہی ہوتا ہے کہ نئی technology پہلے سے بہت بہتر ہوتی ہے لیکن جب تک اس کی testing نہ ہو، اس کو آزمایا نہ گیا ہو، اس وقت تک لوگوں کو خدشات رہتے ہیں۔ ملک میں بہت سے ماہرین اس پر اعتراض کر رہے تھے اور کچھ ہم جیسے لوگ جو ماہر نہیں ہیں لیکن سنی سنائی باتیں سن کر ان خدشات کو آگے

بڑھانے میں اپنا حصہ ادا کر رہے ہیں۔ جہاں یہ منصوبے بہت ضروری ہیں، وہیں یہ بھی بہت ضروری ہے کہ پاکستان اور خصوصاً کراچی کے لوگوں کو تسلی اور اطمینان ہو کہ کراچی یا ملک میں بجلی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے جو منصوبے لگائے جا رہے ہیں، ان سے کسی کی جان، صحت یا اس شہر کی آنے والی نسلوں اور آبادی کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ میں صرف یہ چاہتا تھا کہ حکومت کی طرف سے ایسی وضاحت آئے جو ان خدشات کو دور کرے اور ہمارے دل میں سے خوف کو نکالنے کا سبب بن سکے۔

Mr. Chairman: Minister Incharge for Prime Minister Office.

شیخ آفتاب احمد (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور): جناب چیئرمین! یہ انتہائی اہم calling attention notice ہے جس میں بہت سے خدشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ ہم نے یہ technology چین سے حاصل کی ہے اور اس وقت اسی technology کے چین میں 29 plants بن رہے ہیں اور پندرہ کے قریب اسی technology پر کام کر رہے ہیں۔ 1972 میں کراچی میں paradise point کے پاس Canada کی مدد سے اسی technology کا 137 mega watts کا plant لگایا گیا تھا۔ Atomic Energy یہ plant آج تک چلا رہی ہے اور اب تک کسی قسم کا کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوا۔ جب اس طرح کا اہم اور sensitive project شروع کیا جاتا ہے تو یقیناً تمام چیزوں کا بڑی باریک بینی سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس project کو شروع کرنے سے پہلے چین کے experts بھی یہاں آئے اور انہوں نے باریک بینی سے اس کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ کہا کہ انشااللہ یہ کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچائے گا۔ جناب چیئرمین! چشمہ کے مقام پر اسی technology کے 340, 340 mega watts کے دو projects پر بھی کام شروع ہے جو انشا اللہ 2016 تک مکمل ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں جتنے بھی precautionary measurements لیے جا سکتے تھے لیے گئے ہیں کیونکہ یہ لوگوں کی بہتری کے لیے استعمال ہونے ہیں نہ کہ یہ خدا نخواستہ لوگوں کی پریشانی کا باعث بنیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ خدا نخواستہ اگر اس میں کسی قسم کا دھماکا ہو بھی جائے تو پانچ سے سات کلو میٹر سے آگے یہ نقصان نہیں پہنچاتا، میں اس کی technology آپ کے سامنے explain کر رہا ہوں۔۔۔

Mr. Chairman: Minister *sahib,* do you understand the effects of radiation?

شیخ آفتاب احمد: میں نے یہ گزارش کی ہے کہ ہم نے یہ technology China سے حاصل کی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کے بقول یہ safe technology ہے۔

شیخ آفتاب احمد: جی ہاں یہ بڑی safe technology ہے۔

Mr. Chairman: Saeed Ghani *sahib*, do you want to ask any question?

سینیٹر سعید غنی: جناب! میرا سوال یہ ہے اور وزیر صاحب ٹھیک فرما رہے ہیں کہ اس میں بڑے safety measures لیے گئے ہیں۔ یقیناً اتنے بڑے project میں ان کی ضرورت بھی ہوتی ہے، جیسے انہوں نے خود کہا لیکن ہمارے سامنے دنیا میں ایسے تین واقعات ہوئے ہیں، اگر خدانخواستہ ایسا کوئی واقعہ اور حادثہ ہو جائے تو

سب سے بڑا جو problem ہوتا ہے، وہ evacuation کا ہوتا ہے کہ وہاں پر جو لوگ رہتے ہیں، ان کو shift کرنے کے لیے آپ کے پاس کیا plan ہے تو کیا اس پر کوئی کام ہو رہا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو لوگ کراچی سے واقف ہیں، ان کو معلوم ہو گا کہ کراچی کے سمندر کی ہوائیں آبادی کی طرف آتی ہیں اور یہ plants سمندر کے کنارے پر لگائے جا رہے ہیں تو ان ہواؤں کا رخ شہر کی طرف ہو گا۔ اللہ نہ کرے! مجھے نہیں لگتا ایسا کوئی حادثہ ہونے کے امکانات بھی ہیں لیکن پھر بھی ہم جب دیکھتے ہیں کہ دنیا کے بڑے بڑے ملکوں میں اس قسم کے واقعات ہوئے ہیں، اگر ایسا ہو جائے تو evacuation کا کیا plan بنایا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ یہ پوچھ لیں کہ what are precautionary measures for that?

سینیٹر سعید غنی: جناب! کیا Plant safe ہے؟ اس کا بندوبست ہو گا۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ انسان صرف کوشش ہی کر سکتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ ایسے measures لیے جائیں کہ انسانی جانوں کا نقصان نہ ہو۔ جناب! آپ دیکھیں! Pakistan Ordnance Factory Wah ہے جہاں پر اسلحہ بنتا ہے، اس کی surrounding میں ایک بہت بڑی آبادی ہے۔ حویلیاں میں بھی اسلحہ بنتا ہے، اس کی surrounding میں بھی بہت بڑی آبادی موجود ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں، قائد ایوان راجہ صاحب کو respond کرنے دیں۔

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی بات کریں۔

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! میں ایک عرض کرتا ہوں، کیونکہ انہوں نے بڑے خدشات کا اظہار کیا ہے چنانچہ میری خواہش یہ ہے کہ میں ان کی چیئرمین سے meeting کروا دیتا ہوں تاکہ وہ بیٹھ کر ان کو مکمل brief کر دیں کہ کیا کیا measures لیے گئے ہیں اور وہاں پر کسی قسم کا کوئی خدشہ موجود نہیں ہے، یہ میری خواہش ہو گی۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ جی راجہ ظفر الحق صاحب۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب! آپ کے علم میں ہے اور اکثر ارکان سینیٹ کے بھی علم میں ہے کہ جب پاکستان نے ابتدا میں بھٹو صاحب کے دور میں nuclear technology حاصل کرنے کی کوشش کی تھی تو دنیا میں اس کی کس قدر resistance ہوئی تھی، اس کی کتنی مخالفت ہوئی تھی۔ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ان کو اس کی قیمت بھی ادا کرنا پڑی تھی جو عام آدمی قیمت ادا کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔ آپ جونہی energy کے لیے کوئی ایسا قدم اٹھاتے ہیں جس میں nuclear کا نام آتا ہے تو پھر وہی lobbies دوبارہ active ہو جاتی ہیں۔ میں اس مہینے کے magazine "Herald" میں دیکھ رہا تھا، اس میں بھی "Going Nuclear" پر مضامین کا ایک سلسلہ ہے اور اس میں بھی یہ

مخالفت کی گئی ہے کہ اس سے پاکستان کو hazards ہو سکتے ہیں تاکہ اس کے لیے internally resistance build کی جائے۔

جناب! آپ کے علم میں یہ بھی ہو گا کہ "DAWN" اخبار میں دو تین ایسے مضامین شائع ہوئے ہیں۔ ایک nuclear suppliers group ہے، اس میں America نے India کو بھی شامل کر لیا ہے اور پاکستان نے کوشش کی ہے کہ خاص کر America India کو جو nuclear technology civil aspect کے لیے دے رہا ہے، وہی پاکستان کو بھی ملنی چاہیے۔ آپ نے سنا ہو گا کہ ان کی demand یہ ہے کہ آپ India سے no objection لے لیں تو آپ کے لیے وہ سہولت ہو سکتی ہے یعنی وہ بھی surety نہیں ہے لیکن یہ انہوں نے law of caveat لگا دیا ہے کہ اس کے بغیر آپ کے لیے یہ ممکن نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں یہ ذہن میں رکھنا چاہیے کہ آپ nuclear energy کے لیے plants لگائیں تو اس کے بھی hazards ہوتے ہیں، اس کے لیے بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ اس میں دو aspects ہیں۔ میں نے جیسے گزارش کی، ایک یہ ہے کہ وہ نہیں چاہتے کہ پاکستان کے پاس nuclear power ہو اور اس سے energy کا مسئلہ حل ہو سکے۔ دوسری بات یہ بھی ہے کہ بہت سارے international ادارے ہیں، contractors ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ وہ بڑے ملکوں کے زیر سایہ پاکستان میں یہ کام کریں اور یہ contract China جیسے ملک کو نہ دیا جائے۔ پاکستان نے اگر یہ contract دیا ہے تو ہمیں یہ بھی توقع رکھنی چاہیے کہ اس کی دگنی مخالفت ہو گی۔ اس لحاظ سے یہ بنیادی طور پر اس کے جو سارے radiation وغیرہ کے aspects ہیں، وہ کسی جگہ پر بھی ہو سکتے ہیں، اگر Russia میں ہو سکتے، Japan میں ہو سکتے ہیں اور باقی جگہوں پر ہو سکتے۔ اس کا اس وقت تک جو international knowledge ہے، اس کو سامنے رکھتے ہوئے، یہ ensure کرنا چاہیے کہ اس قسم کے واقعات نہ ہوں۔ حکومت اس سے پہلے اس بات کا خیال ضرور رکھے گی کہ ان radiation کا کوئی خطرہ کراچی یا ارد گرد کے علاقوں کو نہ ہو۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی سوچنا چاہیے کہ پاکستان میں اس بات کی مخالفت کے لیے جو lobby create کی گئی ہے یا جو internationally اس کی مخالفت کر رہے ہیں، ہم کہیں ان کے ہاتھ میں کھیلنا نہ شروع ہو جائیں۔ آپ کا شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Raza Rabbani *sahib*.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! راجہ صاحب کی بات کو تھوڑا سا آگے بڑھاتے ہوئے، میں ان کی اس بات سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ ایک بہت بڑی lobby ملک اور بالخصوص ملک کے باہر موجود ہے جو ایسے programmes پر پاکستان کو گامزن نہیں ہونے دینا چاہتی۔ آپ کو یاد ہو گا کہ یہ project ہمارے وقت میں initiate ہوا تھا، اس وقت Foreign Office and President Zadari پر بھی American pressure خاصا تھا اور پھر China پر بھی American pressure ڈالا گیا تاکہ پاکستان کو یہ technology نہ دی جائے۔ جیسے راجہ صاحب نے بالکل درست فرمایا ہے کہ پاکستان نے یہ demand کی تھی کہ آپ نے India کے ساتھ جو technology share کی ہے، آپ پاکستان کو بھی اسی parity کے ساتھ وہ technology دیں لیکن جب انہوں نے refuse کیا تو پھر ہم China کی طرف گئے۔

Mr. Chairman: We may resume the discussion on the motion moved by Mian Raza Rabbani.

جناب سعید الحسن مندوخیل صاحب۔

سینیٹر سعید الحسن مندوخیل: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب! یہاں پر law and order situation پر بات ہو رہی ہے۔ اس وقت ہمارے ملک کا سب سے اہم issue طالبان کے ساتھ مذاکرات ہیں۔ مشاہداللہ صاحب، آپ کی تھوڑی توجہ چاہیے۔ اس وقت جو مذاکرات ہو رہے ہیں، اگر ان میں سنجیدگی ہے، یہ اچھی بات ہے جب Prime Minister صاحب نے announce کیا کہ ہم peace کو ایک اور chance دینا چاہتے ہیں تو تمام پارٹیوں نے اس کی حمایت کی۔ ہم بھی اس کی حمایت کرتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ حکومت پاکستان کی طرف سے یا طالبان کی طرف سے یہ جو ہماری مذاکراتی کمیٹی بنی ہے، مجھے ان کا attitude serious نظر نہیں آ رہا، جسے بھی دیکھیں وہ شام کو TV پر بیٹھا ہے اور اس پر تبصرے ہو رہے ہیں۔ کیا مذاکرات ایسے بھی کیے جاتے ہیں؟ جیسے یہ لوگ کر رہے ہیں کہ سب کچھ openly media پر آ جاتا ہے۔ میری تمام میڈیا سے یہ request ہے کہ یہ ایک انتہائی اہم issue ہے، اس کو اس طرح talk shows کی نذر نہ کریں، اس میں 90% تو وہ لوگ تبصرے کر رہے ہوتے ہیں کہ جنہیں جرگے کی یا کسی چیز کی سمجھ نہیں ہوتی کہ کیا کرنا ہے۔ اس کو اس طرح کریں کہ جس طرح پاکستان نے چائنا اور امریکہ کے درمیان کروایا تھا کہ روس اور انڈیا کو پتا بھی نہیں چلا کہ کیا ہو رہا ہے، کسنجر صاحب مری میں ہیں جبکہ وہ چائنا پہنچے ہوئے تھے۔ ان چیزوں پر تھوڑی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ہر چیز کو سیاست کی نذر نہیں کرنا چاہیے، یہ بہت اچھی بات ہے کہ peace کو ایک chance ملا ہے اور اسے avail کرنا چاہیے۔

اس august House کے through میری طالبان سے بھی یہ request ہے کہ آپ لوگوں کو بہت اچھا chance ملا ہے، آپ لوگ اسے avail کریں اور اگر یہ کامیاب نہیں ہوتا تو حالت وہی رہے گی جو پچھلے 12 سال سے ہے یا شاید اس سے بدتر ہو جائے۔ میں بلوچستان کے حوالے سے بھی یہی بات کہوں گا کہ بلوچستان میں جو ہمارے بھائی ناراض ہیں ان کے ساتھ بھی dialogues کیے جائیں اور کوئی political solution ڈھونڈنے کا طریقہ کار اختیار کیا جائے ورنہ یہ نہ ہو کہ وہاں جو ہمارے بھائی خوش ہیں وہ بھی ان کی list میں آ جائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب طلحہ محمود صاحب۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین! یہ بہت بڑا issue ہے کہ اس وقت terrorist کے حملے بڑھتے جا رہے ہیں، پاکستان میں law and order کی situation خراب ہوتی جا رہی ہے۔ میں اس میں یہ add کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ معیشت کے حوالے سے ہے، معیشت کا ایک اصول ہے کہ اگر کسی جگہ پر law and order کی situation خراب ہو گی تو وہاں کی معیشت بھی نیچی جائے گی اور اگر معیشت کو بہتر کرنا ہے تو سب سے پہلے آپ کو اپنے law and order کی گرفت کو مضبوط کرنا ہو گا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ہماری حکومت اس پر کافی کام کر رہی ہے، میں اس معاملے میں بڑا convinced ہوں اور میرا وزیر داخلہ کے حوالے سے کافی interaction رہتا ہے لیکن اس پر میری کچھ reservations بھی ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جو forces law and order maintain کرتی ہیں، جو اسے بہتر کرنا چاہتی ہیں یا اس میں ان کا کوئی کردار ہوتا ہے، اس کو یہ حکومت مضبوطی فراہم نہیں کر پا رہی جو کہ اسے کرنی چاہیے۔ میں اس کی مثال اس طرح دیتا ہوں کہ جس طرح سارے departments میں بجٹ کے حوالے سے کمزوری ہے کہ ان کے پاس پیسے کی کمی ہے۔ وزارت داخلہ کے مختلف departments ہیں، جو paramilitary forces جو اس دہشتگردی میں law and order control کرتے ہیں، ان کے بجٹ میں 30% کٹوتی کر دی گئی ہے۔ مجھے اس پر بہت اعتراض ہے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ اس وقت ہمارا دشمن بہت مضبوط ہے، اس کے پاس ایسی technology اور modern facilities موجود ہیں جو ہماری forces کے پاس نہیں ہیں حالانکہ ان کے پاس ہونی چاہییں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اپنی معیشت کو بہتر کرنا چاہتے ہیں، اس energy crises سے نکلنا چاہتے ہیں، unemployment کو بہتر کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں سب سے پہلے law and order کو بہتر کرنا ہو گا۔ اس وقت اس ملک کے سب سے بڑے مسائل بیروزگاری اور energy crises ہیں، ان پر control پانا ہو گا۔ ہمارے ہاں crime ratio بڑھ رہا ہے اور یہ اس لیے بڑھ رہا ہے کہ لوگوں کو روزگار نہیں مل رہا، جو تعلیم یافتہ لوگ ہیں، جو masters ہیں، کوئی چوکیداری کر رہا ہے، کوئی ٹھیلا لگا رہا ہے۔ اس سے انسانی ذہن negative activities کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔

جناب والا! اس وقت پاکستان میں foreign investment نہیں آ رہی اور وہ اس وجہ سے نہیں آ رہی کہ یہاں پر law and order کے حالات کی وجہ سے لوگ خوفزدہ ہیں۔ میں اس سے بڑھ کر کہوں گا کہ یہاں سے investment بھی جا رہی ہے، نہ صرف foreign investment بلکہ جو ہمارے local investors ہیں وہ بھی یہاں پر اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھتے اور وہ ایسے ملکوں کی طرف جا رہے ہیں کہ جہاں پر انہیں اپنی security measures کے حوالے سے اپنی جان اور پیسے کی security available ہو۔ ہمارے ساتھ کے ممالک دبئی، ملائشیا اور تھائی لینڈ میں ہمارا پاکستانی investor جا رہا ہے، اسے روکنے کی ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو پاکستان میں حکومت آئی ہے، اس حکومت کو اس نگاہ سے دیکھا جا رہا تھا کہ یہ کاروباری ذہن کے لوگ ہیں، یہاں پر کاروباری activity بڑھے گی، یہاں پر معیشت کا پہیہ چلے گا۔ لیکن ان سات آٹھ مہینوں میں جو progress رہی ہے اور جس progress کی عوام امید کر رہی تھی وہ نہیں ملی۔ بہر حال میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہ کوشش کر رہے ہیں لیکن یہ کوشش اس وقت تک بارآور ثابت نہیں ہو گی جب تک آپ اس میں پیسہ نہیں ڈالیں گے، اس پر مزید توجہ نہیں دیں گے، اپنی intelligence network اور اپنی paramilitary forces کو مضبوط نہیں کریں گے، آپ ان پر trust نہیں کریں گے اور وہاں پر اچھے لوگوں کو لا کر نہیں بٹھائیں گے، یہی وجہ ہے کہ اس وقت ہمارے ملک میں دہشتگردی کے واقعات بڑھتے جا رہے ہیں۔

جناب والا! میں ایک بات اور کرنا چاہتا ہوں کہ ہم سامنے تو دیکھ رہے ہیں لیکن اس دیوار کے پیچھے کیا ہے ہم اس طرف نہیں دیکھ رہے۔ یہ جو دہشتگردی کی activities ہو رہی ہیں، پاکستان میں law and order خراب ہو رہا ہے، وہ صرف ان لوگوں کی وجہ سے نہیں خراب ہو رہا جو آپ کے سامنے ہیں، ان کے پیچھے ایک بہت بڑی lobby ہے جو انہیں پیسہ فراہم کر رہی ہے، وہ ان کو modern technology فراہم کر رہی ہے جو ہماری paramilitary

forces کے پاس نہیں ہے، یہ وہ لوگ ہیں جو ہمارے پاکستان کو مضبوط دیکھنا نہیں چاہتے، اس میں RAW موساد، CIA اور دوسری agencies ملوث ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو پاکستان کو کمزور دیکھنا چاہتے ہیں۔ جناب والا! ہمیں یہ راستے کاٹنے ہوں گے اور اگر ہم یہ راستے کاٹنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو مجھے یقین ہے کہ ہمارے ملک میں جو اس وقت law and order کا مسئلہ ہے وہ حل ہو سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹ کو مضبوطی دینے کی ضرورت ہے، پارلیمنٹ کی قراردادوں پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب ہم اپنی پارلیمنٹ کو مضبوط کریں گے اور اپنی پارلیمنٹ کی قراردادوں پر عمل کریں گے تو اس سے ملک میں مضبوطی آئے گی، ملک میں استحکام آئے گا اور اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم یہ تو دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں آبادی کس تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ آج سے چھیاسٹھ سال پہلے اڑھائی تین کروڑ کا ملک تھا جو آج میرے خیال میں بیس کروڑ تک پہنچ چکی ہے اور جو سرکاری اعداد و شمار ہیں وہ کوئی سولہ کروڑ کے لگ بھگ ہے لیکن وہ رائے شماری بھی بہت پرانی ہو چکی ہے اور اس وقت جیسے ابھی ذکر ہو رہا تھا کہ ہمارے ایک شہر کی آبادی ایک کروڑ اسی لاکھ کے قریب پہنچ چکی ہے لیکن ہماری جو Forces ہیں جو law and order control کرتی ہیں کیا ان میں increase ہوئی، ان پر پابندی لگائی ہوئی ہے کیا اس پابندی کو ہٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس چیز پر غور کرنے کی ضرورت ہے اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ ہمیں ان aspects کو بھی دیکھنا ہے کہ ایسے لوگ جو پچھلے کچھ عرصے میں مختلف جگہوں پر موجود ہیں جن کے اعداد و شمار آئے ہیں کہ کئی ہزار لوگ جن کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ ان کا تعلق CIA and Black Water سے تھا وہ پاکستان میں داخل ہوئے ہیں۔ وہ لوگ یہاں پر بیٹھے کیا کر رہے ہیں؟ وہ یہاں بیٹھ کر پاکستان کو مضبوط نہیں بلکہ کمزور کر رہے ہیں، ان لوگوں کو گرفتار کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں جگہ جگہ یہ اڈے بنے ہوئے ہیں، ان اڈوں کو بند کرنے کی ضرورت ہے۔ یہاں پر جو بیرونی ایجنسیاں سرگرم ہیں ان کی سرگرمیوں کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے اپنے law and order کی حالت کو ٹھیک اور مضبوط کر لیا، اپنی security forces کو مضبوط کیا اور ان دہشت گردوں کے راستوں کو کاٹ دیا اور اپنی forces کو fully equipped کیا، اپنے Intelligence network کو مضبوط کیا تو پاکستان میں جو law and order کا مسئلہ ہے اس کے ٹھیک ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے ٹھیک ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کا جو انرجی کا مسئلہ ہے، بے روزگاری ہے اور بے شمار مسائل ہیں ان سب کا حل پاکستان کی مضبوطی میں ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں کہ میں نے آپ کا بہت وقت لیا اور آپ نے مجھے موقع دیا اور میں اپنی یہی گزارشات آپ کے سامنے اور اپنے بھائیوں کے سامنے رکھنا چاہتا تھا جس پر میں آپ کا پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی عبدالرؤف صاحب۔

سینیٹر عبدالرؤف: شکریہ۔ جناب چیئرمین! آج ایک بار پھر ملک میں موجودہ سیاسی صورت حال اور امن وامان کے حوالے سے بحث ہو رہی ہے۔ ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے جب ہم سارے گلوب کا جائزہ لیتے ہیں تو

سیاست اور معیشت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ یہ کہیں نہیں ہوا کہ کسی ملک میں امن وامان کا مسئلہ ہو، کسی ملک میں دہشت گردی ہو وہاں پر لوگوں کی عزت نفس مجروح ہو، لوگوں کی جان ومال محفوظ نہ ہوں اور ہم کسی کو یہ assure کرا سکیں یا اپنے عوام کو باور کروا سکیں کہ اس ملک میں معیشت پھلے پھولے گی، بڑھے گی۔ اس ملک کی چھیاسٹھ سالہ تاریخ میں اپنی دانست کے مطابق شاید تاریخ کا بدترین دور ہم سہہ رہے ہیں۔ ہر طرف افراتفری ہے، ہمارے ادارے تباہی کی طرف جارہے ہیں۔ اگر ہم اس ملک میں اپنے ان تمام اثاثوں کا ذکر کریں چاہے وہ PIA, Railway, Steel Mils or WAPDA کی شکل میں ہوں، وہ سب کے سب loss میں جارہے ہیں۔ کراچی شہر جہاں پر انڈسٹری کی دن میں تین تین shifts چلتی تھیں اور ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو وہاں پر روزگار مل رہا تھا۔ آج کراچی شہر کھنڈرات کا نمونہ پیش کررہا ہے۔ وہاں پر دہشت گردی اور افراتفری ہے۔

جناب چیئرمین! یہ صورت حال کیوں بنی یہ صورت حال اس لیے بنی کہ اس میں کسی خاص حکومت کو، کسی پارٹی کو تنقید کا نشانہ نہیں بنایا جاسکتا۔ چھیاسٹھ سالہ تاریخ میں ہم نے ان بنیادی مقاصد کی طرف توجہ نہیں دی جن کی بنیاد پر state چلتی ہیں۔ گڈ گورننس کی طرف ہم نے توجہ نہیں دی۔ آج ہم نے ایک ہی طریقہ نکالا ہوا ہے کہ جو بھی ادارہ نقصان میں جارہا ہو ہم قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں بیٹھ کر یہ کہتے ہیں کہ اس کو privatize کیا جائے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے ہماری پارٹی ملک میں اس طریقہ کار کے خلاف ہیں۔ جو ادارے عوام کے خون پسینے اور ان کے ادا کردہ ٹیکسوں سے چلتے ہیں ان کو اس طرح دینے کی ہم مخالفت کرتے ہیں۔ یہ بھی سمجھ سے بالاتر ہے کہ جب حکومت ان اداروں کو چلا رہی ہوتی ہے تو وہ نقصان میں چلتے ہیں اور وہی محکمے ہم ایک ہاتھ سے لے کر دوسرے ہاتھ میں privatize کرتے ہیں تو وہ منافع بخش بن جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اگر ہم پہلے دن سے ہی good governance کی طرف توجہ دیتے، مثال کے طور پر پچھلے دنوں پی آئی اے کے حوالے سے ایک انتہائی ذمہ دار شخصیت نے یہ بات کہی کہ آپ ان کی تباہی کا تمام ڈرامہ دیکھیں تو اس میں ایک بات یہ بھی آتی ہے کہ وہاں پر ایک مسافر کو ایک tooth pick دینے کی خریداری کا جو سسٹم ہے تو محکمے کو ایک tooth pick کے تیس روپے دینے پڑتے ہیں۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں اور مزید اندر جائیں تو آپ کو پتا چل جائے گا کہ ان اداروں میں good governance نہ ہونے کی وجہ سے یہ ادارے تباہ ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس میں دوسری بات یہ بھی ہے اور اس میں حقیقت بھی ہے کہ روزگار دینے کا یہ وسیلہ، یہ طریقہ کار دنیا میں کہیں نظر نہیں آرہا کہ آپ روزگار حکومت کے اداروں میں یا دفتروں میں دے سکیں۔ جب آپ کی معیشت مضبوط ہوگی، آپ کے کارخانے چلیں گے، آپ کے ادارے چلیں گے تو پھر عوام اپنی صلاحیتوں کے مطابق تقسیم در تقسیم ہوتے ہیں اور وہ ان اداروں میں جا کر خود بخود اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر روزگار حاصل کرسکتے ہیں۔ اس صورت حال تک ہم پہنچے ہیں تو اس کی بنیادی وجہ پر اس ایوان کی توجہ دلانا چاہوں گا کہ ہمارے پندرہ کروڑ عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے قومی اسمبلی منتخب کی، سینیٹ کے اراکین آئے، صوبائی اسمبلیاں معرض وجود میں آئیں۔ عوام نے ہمیں اس لیے ووٹ دیے ہیں کہ ہم ان سے یہ وعدہ کرکے آئے تھے، تمام پارٹیاں اپنے انتخابی منشور کو دیکھ لیں کہ ہم نے ان کو یہ باور کرایا تھا کہ جب ہماری حکومت بنے گی تو یہ پچھلی حکومت سے بہتر ہوگی۔ یہاں پر لوگوں کو روزگار

ملے گا، امن وامان کا مسئلہ حل ہو گا، دہشت گردی یہاں سے ختم ہو گی لیکن آج جب ہم دیکھ رہے ہیں اور ایک معزز رکن نے یہاں talk shows کے حوالے سے ایک بات کی ہم انتہائی حساس چیزوں اور ان معاہدوں کے بارے میں جب ہم سب وہاں جا کر talk shows میں بولتے ہیں اور وہ، وہ باتیں ہوتی ہیں جن کے بارے میں دراصل ہمیں ایوان بالا اور ایوان زیریں کو on board لے کر کرنی چاہییں ہوتی ہیں۔ اس پر ان ایوان میں پہلے سے بحث ہونی چاہیے تھی کہ جب ہم ان مذاکرات کی طرف جائیں گے تو اس کے کیا خدوخال ہوں گے۔ کس طریقہ کار سے ہم ان مذاکرات کو آگے بڑھائیں گے۔ میں اس بات کا بھی قائل ہوں کہ ان مذاکرات کے حوالے سے اتنی open discussion نہیں ہونی چاہیے جیسے آج کے اخبارات میں بھی ہے، talk shows میں بھی۔ ہمارے اس ملک میں امن وامان کے حوالے سے، میں اس بات پر زور دیتا چلا آ رہا ہوں کہ ہماری خارجہ اور داخلہ پالیسی کی ان کمزوریوں کا تسلسل ہے جس پر پھر میں یہ بات کہوں گا کہ وہ ہمارا چھیاسٹھ سالہ تاریخی تسلسل ہے جس میں ہم جب فیصلے کرتے ہیں، جہاں پر امن وامان کی بات آ جاتی ہے۔ پچھلے دنوں یہاں پر بحث ہوئی تھی کہ صوبوں کے صوابدیدی اختیارات کیا ہیں، مرکز کے کیا ہیں اگر میں آج یہ سوال یہاں پر اپنے دوستوں سے کروں، گزشتہ حکومت کے نمائندے بھی بیٹھے ہوئے ہیں ان سے کروں، اس سے گزشتہ حکومت کے نمائندے بھی یہاں موجود ہیں ان سے کروں۔ جب آپ خارجہ پالیسی یا داخلہ پالیسی اپناتے تھے تو کیا آپ صوبوں کو on board لیتے تھے؟ کیا اس ملک کے مختلف صوبوں میں ہماری جو قومیں رہتی ہیں، کیا پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی، پنجابی سب کو بطور پاکستانی شہری آپ نے on board لیا تھا؟ آپ نے تو فیصلہ کر دیا۔ آپ نے باہر سے لوگوں کو لا کر بٹھا دیا۔ آپ نے یہاں تمام دہشت گردوں کی آماجگاہ بنا دی، آپ نے پورے ملک میں ان کی ٹریننگ کا بندوبست کیا، آپ نے اپنے پڑوسی ممالک میں مداخلت کے ذریعے ان لوگوں کو بھیجا۔ آج جب وہ جن بوتل سے باہر آ چکا ہے تو آج ہم کہتے ہیں کہ یہ صورت حال کیوں بنی۔ یہ صورت حال اس لیے بنی ہے کہ ایک طرف آپ کو terrorism کا سامنا ہے، آپ خیبر پختونخوا کو دیکھ لیں، وہاں جتنی لوگوں کی شہادتیں ہوئیں، وہاں جتنے لوگ مارے گئے ہیں، آج کراچی کی صورت حال دیکھیں۔ میں تو یہ کہوں گا ماسوائے پنجاب کے، آپ خیبر پختونخوا کو دیکھیں، آپ بلوچستان کو دیکھیں، آپ سندھ کو دیکھیں، ان تین صوبوں میں تو یہ صورت حال ہے کہ نہ آپ کی ٹرین جا سکتی ہے، نہ آپ کے جہاز اڑ سکتے ہیں، نہ آپ کے کارخانے چل سکتے ہیں، نہ آپ کے پاس energy ہے۔ آپ کے پاس کیا ہے؟ آپ کے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ ہم یہاں لوگوں کو صرف یہ کہتے اور باور کراتے ہیں کہ جب ہمارے ادارے privatize ہوں گے، اس کے بعد معیشت بحال ہو گی۔ معیشت ان چیزوں سے بحال نہیں ہوتی۔ معیشت عوام کے بنیادی انسانی حقوق deliver کرنے سے بحال ہوتی ہے۔

ہم الیکشن میں جاتے ہیں، اس کے بعد پھر یہاں ممبر بنتے ہیں، یہاں ہم دیکھتے ہیں، میں یہ بات کئی بار کہہ چکا ہوں اور اپنے دوستوں سے معذرت کے ساتھ ایک بار پھر کہوں گا کہ یہاں قومی اسمبلی میں اور سینیٹ میں ہمارا کورم پورا نہیں ہو سکتا۔ لوگوں نے ہمیں اس لیے چنا ہے کہ آپ وہاں جا کر legislation کریں، آپ قانون سازی کریں، آپ ہمارے مسائل حل کریں، آپ ہمارے مسائل وہاں اجاگر کریں لیکن جب ہم یہاں آتے ہیں، ڈیڑھ دو گھنٹے کے سیشن میں

ہم بیٹھ نہیں سکتے، ہمارے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ ہم یہاں ان باتوں میں حصہ لیں، ان باتوں کو اجاگر کریں اور بہتر طریقہ کار نکالیں۔

میں آخر میں یہ تجویز دینا چاہوں گا، یہاں ہم تقاریر تو کرتے ہیں، یہ جو موجودہ حکومت ہے اس میں اس بات کو نہ تولا جائے کہ دائیں جانب کون ہے، بائیں جانب کون ہے، پیپلز پارٹی کی کیا پوزیشن ہے، مسلم لیگ (ن) کی کیا پوزیشن ہے، مسلم لیگ (ق) کی کیا پوزیشن ہے اور ANP کی کیا پوزیشن ہے۔ میں یہ کہنا چاہوں گا جو بھی فرد یہاں اپنے عوام کا نمائندہ بن کر آیا ہے، اس کے لیے یہ ضروری ہے اور ایوان کے لیے یہ ضروری ہے کہ ان سب کو on board لے اور ان مسائل پر خواہ in camera ہو، میٹنگ میں ہو، معیشت میں بھی تمام پارٹیوں کو مل بیٹھنا چاہیے۔ ہمارے رضا ربانی صاحب یہاں انتہائی سینیئر، قابل احترام سینیٹر ہیں، بڑے lawyer ہیں، یہاں اور بھی ہمارے دوست احباب بیٹھے ہیں جو ہم سے تجربے میں کافی سینیئر بھی ہیں۔ میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ ہم سب کو مل بیٹھنا چاہیے۔ یہاں صرف طالبان کا مسئلہ نہیں ہے، یہاں صرف امن وامان کا مسئلہ نہیں ہے، یہاں ہمیں معیشت کے مسئلے کا سامنا ہے، یہاں ہمیں روزگار کا مسئلہ درپیش ہے، یہاں ہمارے عوام کو تعلیم کا مسئلہ ہے، صحت کا مسئلہ ہے، یہاں ادارے تباہ ہو چکے ہیں۔ صحت کے حوالے سے آپ جا کر ہسپتالوں میں دیکھیں، آپ تعلیم کے حوالے سے جا کر اپنے تعلیمی اداروں کو دیکھیں۔ جیو نیوز پر آئے دن تعلیم کے حوالے سے پروگرام پیش کیے جاتے ہیں، 60% سے زیادہ سکولوں میں ٹیچرز نہیں ہیں۔ آپ کا تعلیمی نظام تباہ ہو رہا ہے۔ قوم کے نونہالوں کو جب آپ تعلیم نہیں دیں گے، ان کو صحت کی سہولیات نہیں دیں گے، ان کو روزگار نہیں دیں گے، بے روزگاری بڑھے گی تو پھر لامحالہ لوگ دہشت گردی کی طرف جائیں گے، لامحالہ اس ملک میں امن وامان کا مسئلہ ہو گا۔

اس لیے میں ایک بار پھر آپ کے اور اس ایوان کے تمام معزز اراکین کے توسط سے یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ چاہے قومی اسمبلی کے ممبرز ہوں یا سینیٹرز ہوں، جو موجودہ انتہائی گھمبیر صورت حال ہے اسے مدنظر رکھتے ہوئے، معیشت، سیاست اور امن وامان کے حوالے سے ہم سب مل کر ایک ایسا نظام بنائیں کہ آئندہ نسلیں کہہ سکیں کہ ہمارے ممبرز، ہمارے ذمہ داران نے ہمارے لیے کچھ کر کے دکھایا ہے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: فرحت اللہ بابر صاحب! ابھی چند لمحوں بعد مغرب کی اذان ہونے والی ہے، اس لیے آپ کی continuity نہیں رہے گی۔

So the proceedings are suspended for 15 minutes for *Maghrib* prayers.

[The proceedings were then adjourned for Maghrib prayers]
[The House reassembled after Maghrib Prayers with Mr. Deputy Chairman (Mr. Sabir Ali Baloch) in the chair].

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی فرحت اللہ بابر صاحب۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے law and order, political situation and militancy کے واقعات پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ جناب چیئرمین! مجھ سے پہلے militancy کے واقعات پر مختلف جہتوں سے بات ہو گئی ہے، میں انہیں repeat نہیں کروں گا بلکہ میں ایک ایسی جہت کی بات کرنا چاہتا ہوں جس پر ابھی تک بات نہیں ہوئی۔ جناب والا! جب بات چیت کا ڈول ڈالا گیا اور اگر آپ کو یاد ہو کہ اس سے پہلے حکومتی پارٹی کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا، اس اجلاس کے حوالے سے یہی خبریں آئی تھیں کہ حکومتی پارٹی کی پارلیمانی پارٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ دہشت گردوں کے ساتھ بزور طاقت نمٹا جائے جس کے لیے state کی قوت استعمال کی جائے گی۔ جب next day Prime Minister *sahib* National Assembly میں تشریف لائے اور انہوں نے جو تقریر کی جسے آپ شروع سے آخر تک except for the last paragraph دیکھیں تو that was a hard hitting speech against the militants and militancy, then all of a sudden the Prime Minister offers talks and he then, later on also announces a government committee for negotiations. یہ بات note کی گئی اور خود diplomatic circles میں بھی note کی گئی، مجھ سے ایک European Ambassador نے پوچھا کہ آپ کے خیال میں اس کی کیا توجیح ہے کہ وزیراعظم صاحب کی شروع کی تقریر hard hitting ہے اور آخر میں انہوں نے یکدم پانسہ بدل کر یہ بات کی؟

جناب چیئرمین! میں جو بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس policy میں مشاورت کا عمل کم تھا بلکہ بالکل نہیں تھا، خود حکومتی پارلیمانی پارٹی کے بارے میں اخبارات میں جو خبریں آئی تھیں وہ یہی تھیں کہ وہ مذاکرات کے خلاف تھے۔ اس کے باوجود تمام سیاسی جماعتوں نے کہا کہ مذاکرات کو موقع دیا جائے and let us see کہ بات کیسے آگے بڑھتی ہے؟ جناب والا! federation کی ذمہ داری تھی، پرسوں یہاں نثار محمد خان صاحب کا motion تھا اور وہ یہی تھا کہ under Article 148 federation کی ذمہ داری ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ کمیٹی کی تشکیل وغیرہ کا ذکر نہ صرف اپنی پارلیمانی پارٹی میں ہوتا بلکہ تمام سیاسی جماعتوں سے ذکر ہوتا لیکن افسوس کہ ایسا نہیں ہوا۔

جناب والا! آپ پچھلے چار دنوں کے واقعات دیکھیں کہ جب سے یہ کمیٹی بنی ہے اس کے بعد کیا ہوا؟ جناب والا! پشاور کے قصہ خوانی بازار میں ایک بم دھماکا ہوا جس میں نو بے گناہ لوگ شہید ہوئے، تینتیس لوگ زخمی ہو گئے اور کچھ کی حالت تشویش ناک ہے۔ اس دھماکے کی ذمہ داری سب سے پہلے جندالله نے قبول کی اور انہوں نے کہا کہ ہم اس کے ذمہ دار ہیں، ہم نے یہ دھماکا کیا ہے۔ تحریک طالبان پاکستان نے کہا کہ جندالله نامی کوئی گروپ ہم سے منسلک نہیں ہے، ہم اس سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہیں، چنانچہ یہ بات سامنے آ گئی کہ TTP اس کی ذمہ دار نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! اس واقعے کو چوبیس گھنٹے بھی نہیں ہوئے تھے کہ کل TTP کے مفتی حسن سواتی اور مست گل نے باقاعدہ North Warizistan میں بات کی، آج کے اخبارات میں ان کی تصویر چھپی ہے، مفتی حسن سواتی جو TTP کی مرکزی شوریٰ کا ممبر ہے، اس نے کہا کہ یہ دھماکا ہم نے کیا ہے اور یہ اس لیے کیا ہے کہ راولپنڈی میں مدرسے پر ایک حملہ ہوا تھا، ہم نے اس کا بدلہ لیا ہے۔ اس نے نہ صرف یہ کہا کہ ہم یہ ذمہ داری قبول کرتے ہیں بلکہ اس نے یہ بھی کہا کہ ہمیں اس حملے

کے لیے باقاعدہ حکم شیخ خالد حقانی سے ملا تھا اور شیخ خالد حقانی TTP کا second in command ہے۔ جناب والا! اب تو یہ بات کھل کر سامنے آ گئی ہے کہ TTP نے اس دھماکے کی ذمہ داری قبول کی ہے لیکن میں جس نکتے کی طرف آنا چاہتا ہوں کہ وہ یہ ہے کہ حکومت تو اپنی طرف سے ایک مخلصانہ کوشش کر رہی ہو گی، there is no doubt اور اس نے کئی جہتوں پر غور کیا ہو گا لیکن ایک جہت جس پر غور نہیں کیا گیا وہ یہ ہے کہ militancy کے محرکات میں ایک محرک Civil, Intelligence and Security اداروں کے درمیان disconnect کا بھی ہے۔ میں یہ کیوں کہہ رہا ہوں۔ آج اخبار میں تصویر چھپی ہے اور مفتی حسن سواتی کے ساتھ جو شخص بیٹھا ہے، مست گل، مجھے یقین ہے کہ یہاں کئی سینیٹر صاحبان کو یاد ہو گا کہ مست گل کا اصل نام میجر مست گل ہے۔ اس میجر مست گل کا نام چرار شریف کے واقعہ میں آیا تھا۔ میں یہ mid nineties کی بات کر رہا ہوں۔ اس وقت شہید محترمہ بے نظیر بھٹو وزیر اعظم تھیں اور میں پریس سیکرٹری تھا۔

جب چرار شریف کا واقعہ ہوا اور یہ واپس پاکستان آیا تو ایک سیاسی جماعت نے اس کو own کیا۔ میں اس سیاسی جماعت کا نام نہیں لینا چاہتا لیکن اس سیاسی جماعت نے پاکستان کے مختلف علاقوں میں لے جا کر اس سے جلسے بھی کروائے۔ پھر ایک دن ہم نے ٹیلی وژن پر دیکھا کہ یہی میجر مست گل پی ٹی وی پر اپنے کارنامے کا ذکر کر رہا تھا۔ ہم نے جب وہ پروگرام دیکھا تو ہمیں حیرت ہوئی اور تشویش بھی ہوئی کہ یہ مست گل نامی آدمی انڈیا گیا تھا، کشمیر گیا تھا اور وہ کسی ایسے واقعے میں ملوث رہا تو how come that the PTV is giving him the platform. میں یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کیونکہ اس وقت کی وزیر اعظم کو بڑا تعجب ہوا اور انہوں نے پوچھا کہ یہ آدمی ٹیلی وژن پر کیسے آیا۔ میں نے کہا کہ مجھے پتا نہیں لیکن میں Foreign Secretary سے پوچھتا ہوں۔ میں نے Foreign Secretary سے پوچھا تو اس نے کہا کہ No, I cannot believe. یہ ہو نہیں سکتا۔ میں نے کہا کہ وہ آ چکا ہے اور ہم نے خود ٹیلی وژن پر دیکھا ہے۔ انہیں بڑی تشویش ہوئی۔ اس کے بعد میں نے MD PTV کو ٹیلی فون کیا اور پوچھا کہ آپ نے مست گل کا انٹرویو کیسے نشر کیا۔ انہوں نے کہا کہ Babar *sahib*, do not tell me this has come from you. یہ تو آپ کی طرف سے آیا ہے۔ آپ نے کہا ہے کہ اس کا انٹرویو کرو۔ میں نے کہا have you gone mad? When did I call you? میں نے آپ سے میجر مست گل کے بارے میں کب بات کی ہے تو اس نے کہا میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ نے بہ نفس نفیس ٹیلیفون کیا ہے لیکن یہ so called major, he is not major اس کو ایک باوردی اعلیٰ سرکاری عہدے دار جس کا تعلق سکیورٹی ادارے سے ہے، وہ ہمارے پاس لایا تھا کہ جی اس کا انٹرویو کرنا ہے۔ M.D(PTV) was a female اس نے کہا کہ میں سمجھی کہ how a Senior Security Establishment Intelligence Officer can come to me and ask for arranging an interview of Mast Gul without the knowledge of the government and without the knowledge of the Prime Minister. This must have the backing of the Prime Minister and the M.D. said that I did not call you at that time because I would have thought that this Senior Officer جو مست گل کو لایا ہے، وہ یہ کہے گا کہ شاید مجھ پر اعتبار نہیں ہے اس لیے میں نے نہیں پوچھا۔ یہ تو میری بڑی غلطی ہے اگر یہ آپ لوگوں کے knowledge میں نہیں ہے۔

چیئرمین صاحب! اس کے بعد جو ہوا اس کا اس سے بھی تعلق نہیں ہے۔ جو بات میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ میجر مست گل کے دوبارہ آنے، یہ اعلان کرنے سے ایک چیز واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ disconnect between the civil, political government and the Intelligence and the Security establishment. اور اس disconnect کا اعتراف خود وزیر داخلہ صاحب نے اس وقت کیا تھا جب پچھلے سال زیارت کے واقعے کے بعد بلوچستان کے law and order کے حوالے سے وہ یہاں تشریف لائے تھے۔ اگر آپ ریکارڈ دیکھیں تو 17 جون کی تاریخ تھی اور اس میں انہوں نے یہ کہا کہ میں نے خود کوئٹہ کا visit کیا ہے۔ ہم مزید سکیورٹی کا انتظام وہاں نہیں کر سکتے کیونکہ ہر سو میٹر کے فاصلے پر barriers لگے ہیں۔ انہوں نے یہ کہا اور یہ وزیر داخلہ کا سینیٹ میں دیا گیا اعترافی بیان ہے انہوں نے کہا کہ ایک چیز میں نے یہ دیکھی کہ civil and intelligence کے اداروں میں connection نہیں ہے۔ ہم اس issue کو address کریں گے۔

جناب چیئرمین، اس وقت militants کے ساتھ بات چیت کی جو حکومتی پالیسی ہے اس میں اس عنصر کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے کہ how to address the disconnect between the civil and the Intelligence agencies which was also referred to and acknowledged by the honourable Interior Minister on the floor of this House last year in June and I do not know this that to what extent but let me establish the disconnect. یہ disconnect اس وقت بھی سامنے آیا جب 2 مئی 2011 کو اسامہ بن لادن مارا گیا۔ یہ disconnect اس وقت بھی سامنے آیا جب جنرل پرویز مشرف نے اپنی کتاب میں اس بات کا اعتراف کیا کہ پاکستان سے nuclear material دوسرے ممالک کو جا چکا ہے اور ہم نے انکوائری کی ہے۔

جناب چیئرمین، اگر آپ مجھے صرف ایک منٹ اجازت دیں، صفحہ 294 پر۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ ہی لیں پلیز۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جنرل پرویز مشرف اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ

"Nearly two dozen P-1 and P-2 centrifuges were transferred to North Korea. North Korea was also provided a flow meter, some special oil for centrifuge and coaching on centrifuge technology to the Iranians and Libyans through Dubai were provided nearly 18 tons of nuclear materials including this, this and that…"

جناب چیئرمین! ابھی حال ہی میں بلوچستان میں missing persons میں، nuclear proliferation میں اور اسامہ بن لادن کے مارے جانے میں بھی all these three incidences dramatize a very serious disconnect, a very very serious disconnect between the civil, political and the Security and Intelligence apparatus. Our policy of fighting against the militants does not take into account the issue of addressing this disconnect. اور جب تک ہم اس disconnect کو address نہیں کریں گے تو ہم militants کے خلاف جنگ میں ہرگز، ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتے۔

جناب چیئرمین! political situation پر صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ ہمارے وزراصاحبان political situation کو مزید compound کر رہے ہیں۔ اب سے تھوڑی دیر پہلے فاضل وزیر صاحب نے سعید غنی کے Calling Attention کے جواب میں کہا کہ کراچی کے مجوزہ دو nuclear power plants so safe ہیں اور اگر کبھی خدانخواستہ کوئی خطرہ ہوا، کوئی دھماکہ ہوا تو اس کا اثر پانچ کلومیٹر سے آگے نہیں جائے گا۔ جناب چیئرمین! انہوں نے بڑی خوفناک اور بڑی خطرناک بات کی ہے۔ پاکستان کا peaceful ایٹمی پروگرام for power generation and cricket دو ایسی چیزیں ہیں جو nation کو اکٹھا کرتی ہیں۔ Though they are the beads of the threat ان کو چاہیے تھا کہ وہ یہ کہتے اور اس ایوان کو باور کراتے کہ تمام security precautions لی گئی ہیں، all safety precautions are in place. پاکستان کا nuclear power plants operate کرنے کا چالیس سال سے زیادہ تجربہ ہے۔ پاکستان چار nuclear power plants China سے لے کر operate کر رہا ہے، وہ safe چل رہے ہیں اور پاکستان کا کراچی کا nuclear power plant گزشتہ تینتالیس سال سے کسی حادثے کا شکار نہیں ہوا۔ ان کو یہ کہنا چاہیے تھا کہ ہماری سیکیورٹی ایسی ہے اور میں یہ یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے nuclear reactors اتنے safe ہیں کہ اگر ان کے اوپر ایک جہاز بھی 9/11 کی طرح حملہ کرے even then the nuclear power will be safe. Of course, the nation cannot guarantee that the passengers in the aircraft will be safe also but the nuclear power plant will be safe. I am sorry to hear what the honourable Minster stated, instead of clarifying, he has compounded the issue. I would urge him through you to withdraw his most thoughtless statement from the floor of the House because it is going to hit the headlines tomorrow. He should withdraw that and ask to refer it to the Defence Committee of the Senate اور مشاہد حسین صاحب ان کو بلا لیں اور ان سے بات کر لیں and let it not come into public جیسا کہ رضا ربانی صاحب نے کہا کہ پاکستان کے نیوکلیر پروگرام کے خلاف بڑی ایسی قوتیں ہیں جو کام کر رہی ہیں۔ منسٹر صاحب کے ایک بیان سے یہ قوتیں کمزور ہونے کی بجائے زیادہ طاقتور ہو گئی ہیں۔ Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، راجہ صاحب۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: شکریہ، جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب نے دو ایسے points اٹھائے ہیں جو غلط فہمی کا باعث بن سکتے ہیں، جو پاکستان کے اندر dialogue کا process ہے اس کو متاثر کر سکتے ہیں اس لیے میں ان کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ ان کا یہ خیال ہے جس کا اظہار انہوں نے ابھی کیا ہے کہ اس معاملے میں شاید مشاورت نہیں ہوئی اور اس کمی کی وجہ سے اس قسم کی statements آ رہی ہیں۔ یہ قطعاً غلط ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ مشاورت کر کے فیصلہ کیا جائے کہ آیا صرف طاقت کا استعمال اس مسئلے کا حل ہے یا مذاکرات بھی ہونے چاہییں۔ آپ کو یاد ہو گا کہ پچھلی حکومت کے دوران بھی یہی فیصلہ ہوا تھا کہ مذاکرات بھی کرنے چاہییں اور امن کو بھی ایک موقع دینا چاہیے۔

پھر اس کے بعد ANP کے سربراہ جناب اسفندیار ولی خان نے ایک APC بلائی جس میں، میں نے بھی شرکت کی تھی اور باقی جماعتوں نے بھی کی تھی۔ پیپلز پارٹی نے بھی شرکت کی تھی۔ کوئی 17,18 جماعتیں تھیں اور اس میں بھی یہ قرارداد تحریری طور پر منظور کی گئی تھی کہ مذاکرات ان لوگوں کے ساتھ ہونے چاہییں جو اس دہشت گردی کے ذمہ دار ہیں۔ پھر اس کے بعد مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے ایک APC بلائی تھی اس میں میاں نواز شریف صاحب نے خود بھی شرکت کی تھی، میں بھی موجود تھا اور باقی ہماری جماعت کے لوگ بھی موجود تھے۔ وہاں پر بھی ایک تحریری اعلامیہ جاری کیا گیا تھا جس میں یہ بات طے کی گئی تھی کہ مذاکرات ہونے چاہییں لیکن وہ مذاکرات آئین اور پاکستان کے قوانین کے مطابق ہونے چاہییں۔ اس میں کوئی ردوبدل نہیں ہو سکتا۔ اس پیرامیٹر سے باہر نہیں جایا جا سکتا۔ اس کے بعد میاں نواز شریف صاحب نے وزیراعظم بننے کے بعد پھر ایک APC بلائی ان پارٹیوں کی جو پارلیمنٹ کے اندر موجود ہیں اور وہ ساری جماعتیں موجود تھیں۔ اس سے پہلے کہ مذاکرات یا اس بارے میں کوئی فیصلہ ہوتا چاروں صوبوں سے اور ساری جماعتوں کے جو سربراہ تھے ان کی مشاورت سے اور آرمی چیف نے بھی وہاں brief کیا اور ISI کے چیف نے بھی brief کیا اور یہی طے ہوا کہ یہ مذاکرات شروع کرنے چاہییں۔ اس لیے ایسا نہیں ہے کہ اس میں مشاورت نہیں ہوئی اور اس لیے disconnect ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ مشاورت ہوئی اور اس مشاورت کے نتیجے میں ہی آج کے مذاکرات ہو رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مذاکرات شروع کرنے سے پہلے اس بات کا اندازہ تھا کہ اس میں کبھی ups آئیں گے اور کبھی downs آئیں گے کیونکہ بے شمار ایسے لوگ بھی ہیں جو ان مذاکرات کی کامیابی نہیں چاہتے اور کئی ایسے لوگ بھی ہیں جو اس وقت اس بارے میں بہت keen تھے کہ مذاکرات شروع ہونے چاہییں لیکن بعد میں وہ رفتہ رفتہ اس بات سے ایسے الگ ہوئے جیسے شروع سے ہی وہ اس کے حق میں نہیں تھے حالانکہ یہ بات حقیقت سے بعید ہے۔

پھر اس کے بعد چوہدری نثار علی خان، وزیر داخلہ کے بارے میں یہ کہا گیا کہ یہ disconnect اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ کہا تھا کہ جو بلوچستان کے اندر زیارت میں واقعہ ہوا وہ بھی اس وجہ سے ہوا کہ وہاں کی جو سول انتظامیہ ہے اور وہاں پر جو military presence ہے ان کے درمیان disconnect موجود ہے یہ نہیں ہے کہ ملکی سطح پر وزیراعظم صاحب یا مرکزی حکومت یا کابینہ اور فوجی قیادت کے درمیان عدم رابطہ ہے۔ انہوں نے وہاں کے بارے میں یہ کہا تھا کہ وہاں disconnect ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کی کارکردگی، ایک دوسرے کے عزائم اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کی کمی میں نے محسوس کی ہے جس کو ہم address کریں گے۔ ان کا یہ مقصد تھا۔ اس کو مثال بنا کر ایسے پیش نہیں کیا جانا چاہیے کہ یہ disconnect اوپر تک موجود ہے۔ میں ان دو چیزوں کی وضاحت کرنا چاہتا تھا کہ جتنی مذاکرات کے بارے میں، اس سے پہلے مشاورت ہوئی ہے شاید ہی کسی اور معاملے کے اوپر مشاورت ہوئی ہو۔ اس لیے ان کا یہ کہنا درست نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ زیر بحث موضوع میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت پاکستان کی تاریخ میں وہ اہم issue ہے کہ جس کی بنیاد پر پاکستان کی آئندہ تاریخ، پاکستان کا وجود اور پاکستان کے اندر

امن، stability and economy تمام چیزیں depend کر رہی ہیں۔ جناب چیئرمین! افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ابھی راجہ ظفر الحق صاحب نے بڑی تفصیل سے وضاحت فرمادی کہ مشاورت ہوئی ہے۔ یہ بات انہوں نے کہی ضرور ہے لیکن انہوں نے اپنی پوری گفتگو کے اندر ایک ثبوت پیش نہیں کیا۔ انہوں نے یہ ثبوت پیش فرمادیا کہ اس کے اوپر اتفاق رائے ان وجوہات اور ان بنیادوں کی وجہ سے موجود ہے۔ پوری قوم کے اندر موجود ہے اور میں اس کو تھوڑا آگے بڑھاتا ہوں کہ مسلم لیگ (نواز) کو mandate اس بنیاد پر ملا کہ وہ مذاکرات کے ذریعے، بات چیت کے ذریعے، سیاسی عمل کے ذریعے ملک کے اندر امن لے کر آئے گی، ڈرون حملے بند کروائے گی لیکن افسوسناک پہلو یہ ہے کہ چار یا پانچ ماہ قبل APC کے دوران پارلیمنٹ کے اندر موجود parties سے انہوں نے جو mandate حاصل کیا اس کے بعد انہوں نے کتنی مشاورت کی اور کیا؟ کیا parameters طے کیے؟ کیا پالیسی انہوں نے مذاکرات کے لیے بنائی کہ وہ مذاکرات کامیاب ہوں گے۔ آپ اس کا ثبوت صرف اس کمیٹی کی تشکیل سے لگا سکتے ہیں کہ کوئی مشاورت نہیں ہوئی ورنہ عرفان صدیقی صاحب اس کی سربراہی نہ کر رہے ہوتے اور اس کے اندر میجر عامر، midnight Jackal والا موجود نہ ہوتا۔ دوسری طرف پھر اس کے جواب میں طالبان نے تو میں سمجھتا ہوں کہ bounce back کیا ہے۔ انہوں نے ایک اچھا blow مارا ہے اس غیر سنجیدہ کمیٹی کے منہ پر کہ انہوں نے سمیع الحق صاحب اور مولانا عبدالعزیز صاحب کو اس کمیٹی میں شامل کر دیا ہے۔ مجھے رات کو خیال آیا ان دونوں کمیٹیوں کے بارے میں تو میری زبان سے نکل رہا تھا۔۔۔ شیخ رشید صاحب نے ایک دن ایک پروگرام میں کہا کہ یا خدا میرے ابو سلامت رہیں۔ وہ ضیاء الحق کے متعلق انہوں نے فرمایا تھا۔ یہ دونوں کمیٹیاں ضیاء الحق کمیٹیاں ہیں۔ آپ ذرا یاد کریں۔ راجہ ظفر الحق صاحب کو تو خصوصی طور پر یاد ہوگا یہ اس سارے scenario میں موجود تھے اور اہم عہدے پر تھے میں سمجھتا ہوں کہ یہ غیر سنجیدہ روش ہے اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ ان مذاکرات کی ابتدا میں افواج پاکستان کے ساتھ بھی کوئی مشاورت نہیں کی گئی، میں یقین سے کہہ سکتا ہوں۔ جناب چیئرمین! چار ماہ کے اندر اس کو یہاں تک لے کر جانا چاہیے تھا کہ ایران کو بھی اعتماد میں لیا جاتا، امریکہ کو بھی اعتماد میں لیا جاتا، افغانستان کی حکومت کو بھی اعتماد میں لیا جاتا اور پھر good Taliban کو بھی اعتماد میں لیا جاتا، انڈیا کو بھی اعتماد لیا جاتا، چائنا کو بھی اعتماد میں لیا جاتا، برطانیہ کو بھی اعتماد میں لیا جاتا، ان کے ساتھ بات چیت کیے بغیر اگر مذاکرات شروع ہونے تھے تو ان کا یہی حال ہونا تھا۔ عوام میں جو تاثر ابھر رہا ہے وہ بالکل صحیح ہے کہ یہ اتمام حجت کر رہے ہیں اصل میں تو انہوں نے وہی پالیسی adopt کرنی ہے جو سابقہ حکومتوں کی تھی، بھئی یہ کیوں قوم کے ساتھ آپ مذاق کر رہے ہیں۔ یہ مذاق ہے، مذاکرات نہیں ہیں، قوم کے ساتھ مذاق ہے۔ آپ نے کسی ہوم ورک کے بغیر اتنا بڑا کام کیا ہے اور اتنی غیر سنجیدگی کے ساتھ اس کی ابتدا کی ہے کہ اس کے نتائج اتنے ہی بے ثمر نکلنے کا سب کو یقین ہو گیا ہے۔ جناب والا! یہ معاملہ war on terror کا اس حد تک پاکستان میں پہنچ چکا ہے کہ اس کے اندر صرف یہ والے طالبان matter نہیں کرتے، اس میں تو کئی ایجنسیاں ملوث ہیں، بیرونی ایجنسیاں ملوث ہیں، سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہماری MI matter کرتی ہے، ISI matter کرتی ہے۔ کہاں پر یہ تذکرہ ہوا ہے یا ریکارڈ پر آیا ہے کہ ان تمام قوتوں کے ساتھ مذاکرات مکمل کر لیے ہیں، مشاورت مکمل کر لی ہے اور انہوں نے کیا عندیہ دیا ہے۔ اس پر پالیسی آنی چاہیے تھی، ٹیم بنانے سے پہلے آنی چاہیے تھی یہ تو ایسے نظر آ رہا ہے کہ طالبان نے فوج کے reaction پر، ہنگو کے واقعے کے بعد جو برف کے اندر

پھنسے ہوئے تھے، جب Air force نے attack کیا، جب انہوں نے دیکھا کہ ہمیں وقت چاہیے تو انہوں نے مذاکرات کا عندیہ دیا اور انہوں نے بڑی خوشی کے ساتھ بغیر تیاری کے، بغیر مشاورت کے، بغیر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیے ہوئے فیصلہ کر لیا، پارلیمنٹ کو تو اعتماد میں لینا ضروری نہیں سمجھتے۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں، پارلیمانی تاریخ میں یہ واحد دور میں نے دیکھا ہے کہ Upper House کے اندر عجیب ماحول ہے، اس کا تذکرہ تو بار بار ہو گیا میں اس طریقے سے اس کا تذکرہ نہیں کرنا چاہتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو پارلیمانی تاریخ لکھی جا رہی ہے، جب محقق اس پر لکھیں گے تو یہ دور ایک عجیب قسم کا دور گردانا جائے گا کہ پارلیمنٹ کو حیثیت دی ہی نہیں جاتی۔ ایک دن پہلے آرڈیننس جاری کر دیے جاتے ہیں، پارلیمنٹ کا اجلاس طلب ہوا ہوتا ہے لیکن آرڈیننس جاری کر دیے جاتے ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان تشریف ہی نہیں لاتے اور اس اعتراض پر جب رضا ربانی صاحب یہ کہیں کہ وزیر اعظم پاکستان کو پارلیمنٹ میں Upper House میں تشریف لانا چاہیے تو جواز یہ دیا جائے کہ وہ پارلیمنٹ میں آنے کے پابند نہیں ہیں۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اس طریقے سے اس اعتراض کا جواب دینا بھی افسوس ناک عمل ہے۔ پاکستان میں law and order کے حالات جس تیزی سے خراب ہو رہے ہیں چاہے جتنا مرضی پردہ ڈال دیا جائے لیکن حقائق یہ ہیں کہ لاہور میں روزانہ سینکڑوں ڈکیتیاں ہو رہی ہیں۔ ڈاکو راج بن چکا ہے، بھتہ خوری لاہور میں روزانہ کا معمول بن چکا ہے۔ جناب چیئرمین! اگر یہ صورت حال ہو گی تو بلوچستان میں آپ دیکھیں کہ کتنے دعوے کیے گئے، افسوس ناک عمل ہے کہ وہاں پر امن کے قیام کے لیے کوئی عملی جدوجہد نہیں کی جا رہی، جس طریقے سے حالات خراب ہو رہے ہیں، جس طریقے سے یہ عمل آگے بڑھ رہا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے اب بھی ہوش کے ناخن نہ لیے، سنجیدگی اختیار نہ کی اور اسی طریقے سے چار چار، پانچ پانچ ماہ اہم issues پر غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جاتا رہا تو میں سمجھتا ہوں کہ حالات قابو سے باہر ہو جائیں گے۔ پارلیمنٹ کو اگر غیر اہم قرار دے دیا جائے گا تو پھر حالات خراب ہوں گے، میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ پھر وہی بات ہو گی کہ ہم ایسے حالات پیدا کرتے ہیں، ہماری سیاسی لیڈر شپ خود ایسے حالات پیدا کرتی ہے جن کے نتائج جمہوریت کے خلاف نکلتے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بڑا شکر گزار ہوں آپ نے بڑے حوصلے سے میری گفتگو سنی۔ میں غیر سنجیدگی کی بات کر رہا ہوں کہ آپ غیر سنجیدگی دیکھ لیں اس مسئلے پر وزیر داخلہ کو اس ہاؤس میں تشریف فرما ہونا چاہیے تھا۔ ان کو notes لینے چاہییں لیکن وہ سمجھتے ہیں کہ یہ رسمی باتیں ہو رہی ہیں ہو جائیں گی تو کیا ہو جائے گا۔ ٹھیک ہے ہو جائے ہم نے کونسا پارلیمنٹیرینز کی رائے پر عمل کرنا ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی عثمان سیف اللہ صاحب۔

سینیٹر عثمان سیف اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب والا! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا کیونکہ باتیں تو already ہو چکی ہیں لہٰذا میں تقریر مختصر رکھوں گا۔ جناب والا! جیسے بات ہوئی ہے کہ ہمارے پاکستان میں بنیادی طور پر تین مسائل ہیں۔ ایک literacy ہے، دوسرا اقتصادی حالت ہے اور تیسری

دہشت گردی ہے۔ کسی حد تک تو ان تینوں کا آپس میں تعلق بھی ہے لیکن آج چونکہ motion بھی دہشت گردی پر ہے لہٰذا میں اپنا focus بھی اسی پر رکھوں گا۔

جناب والا! ہمارے صوبے کو تو دہشت گردی نے تباہ کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا کو آج دہشت گردی نے تباہ کر دیا ہے۔ جیسے آغا صاحب نے ابھی فرمایا کہ اب بھی ہم اگر سنجیدگی سے کام نہیں لیں گے، صحیح پالیسی نہیں بنائیں گے تو خدانخواستہ پاکستان تباہی کی طرف جا رہا ہے۔ جناب والا! دہشت گردی کی جو بنیادی وجہ ہے root cause ہے، باقی مسائل ہیں، معیشت کی بری حالت ہے اور literacy ہے جناب والا! اس کی بنیادی وجہ failure of the government and failure of parliamentary institutions ہے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے، میرے ابھی سینیٹ میں دو سال بھی نہیں ہوئے ہیں لیکن بظاہر یہی لگ رہا ہے کہ اب بھی پارلیمنٹ کو undermine کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جناب والا! مذاکرات ہو رہے ہیں یہ بڑی اچھی بات ہے اور اللہ تعالیٰ کرے یہ مذاکرات کامیاب بھی ہوں، مجھے حکومت کی نیت پر کوئی شک نہیں ہے لیکن مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ مذاکرات کامیاب کیسے ہو سکتے ہیں۔ جناب والا! dialogue میں کچھ دینا پڑتا ہے، کچھ لینا پڑتا ہے، آپ کچھ لیں گے، لینے کے لیے کچھ دینا پڑے گا۔ اگر آئین کی حدود میں ہم نے رہنا ہے تو میری سمجھ میں نہیں آتا ہم طالبان کو کیا دے سکتے ہیں۔ چلیں ہم یہ کر سکتے ہیں کہ amnesty دے دیں جو ان کے قیدی ہیں ان کو رہائی دے دیں۔ اس کے علاوہ کیا ہم اپنی خارجہ پالیسی ان کے کہنے پر بنائیں گے؟ کیا اس ملک میں پارلیمان نہیں ہے؟ کوئی elected representative نہیں ہیں؟ ہم یہ تنخواہیں لے رہے ہیں، یہ سب کچھ کس لیے کر رہے ہیں؟ جناب! مجھے تو حیرت ہوتی ہے میں committee کی composition پر بات نہیں کرنا چاہتا لیکن آج صبح بات ہوئی تھی، کہا کہ اگر شریعت نافذ نہیں ہوئی تو ہم بات نہیں کریں گے۔ This is an Islamic Republic اگر شریعت نافذ کرنی ہے تو کیا صرف طالبان کر سکتے ہیں۔ طالبان کی ضرورت ہے۔ جناب والا! اس دن مجھے بڑا برا لگا ایک معزز ممبر نے بڑے طنزیہ طریقے سے دین کے بارے میں بات کی شاید وہ غضب کے بارے میں کہہ رہے تھے کہ ہم غاصب ہیں، مسلمان نہیں ہیں۔ ان ایوانوں میں، خیبر پختونخوا اسمبلی میں ایسی جماعتیں بھی ہیں جو مذہبی جماعتیں ہیں وہ نشاندہی کریں کہ یہ قوانین غیر اسلامی ہیں، اس میں ترامیم لے آئیں، فیڈرل شریعت کورٹ ہے، Council of Islamic Ideology ہے، ہم نے صرف انتظار کرنا ہے کہ یہ قوانین طالبان لائیں گے۔ It seems ridiculous to me کہ جی ہم بات بھی ایسے کر رہے ہیں، even this is ridiculous.

جناب والا! ہماری economic policy IMF کے کہنے پر چل رہی ہے۔ ابھی ہم نے خارجہ پالیسی طالبان کے کہنے پر چلانی ہے۔ میں سینیٹ میں زیادہ بات نہیں کرتا لیکن میں نے سوچا کہ اس موضوع پر اگر آج ہم نے seriousness نہ دکھائی تو there is saying in English کہ جی victory of hope over experience آج بھی جو ہم کر رہے ہیں یہ معاہدے ماضی میں بھی ہوئے ہیں، مذاکرات بھی ہوئے ہیں، اللہ کرے میں غلط ہوں، اس دفعہ نتیجے کا فرق ہو لیکن نہ طالبان ہمارے خیر خواہ ہیں، وہ اپنے self interest میں act کریں گے، نہ امریکن ہمارے

خیر خواہ ہیں وہ بھی اپنے self interest میں act کریں گے تو میرے خیال میں یہ مناسب وقت ہے کہ ہم بھی پاکستان کا دفاع کریں اور اپنے self interest میں act کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ شاہی سید صاحب۔ اس کے بعد حمزہ صاحب بات کریں گے۔

سینیٹر شاہی سید: (عربی) جناب چیئرمین! آج سیاسی اور law and order situation پر بات کرنی تھی۔ میں اپنے معتبر اور معزز ساتھی نثار محمد خان کے اس issue کے بارے میں جو آئینی تھا، افسوس سے کہتا ہوں کہ اس بے چارے نے اس پر بڑا کام کیا تھا، بڑی خواری کی تھی لیکن اس کا مقصد اور motive اس law and order میں ضم ہو کے فوت ہو گیا ہے۔ افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس کے لیے کوئی کمیٹی بنا دی جائے یا حکومت اس پر کوئی رائے دے تاکہ اصل حقائق سامنے آئیں۔ Article 148 کی شق نمبر 3 بیرونی جارحیت اور اندرونی خلفشار کے بارے میں ہے، اس سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ بیرونی مداخلت ہے۔ وہ اس لیے کہ فضل اللہ کنڑ میں بیٹھا ہوا ہے۔ بیرونی funding کے بھی ثبوت ہیں اور funding ہو رہی ہے۔ ازبک، چیچن، تاجک، عرب سب ہمارے ملک میں آ کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ سوات آپریشن میں یہاں تک بتایا گیا کہ ان کے پاس Indian and Israeli weapons ہیں۔ یہ سب چیزیں بھی ثابت ہو گئی۔ 9/11 کے بعد پاکستان coalition fund بھی لے رہا ہے۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ آئینی طور پر اگر ذمہ داری وفاق کی ہے تو 9/11 سے لے کر، جتنے بھی نقصانات چاہے وہ جانی، مالی، کاروباری، تعلیمی، ترقیاتی یا infrastructure کے ہوں، تمام نقصانات کو وفاقی حکومت ادا کرے اور فوری طور پر اقدامات اٹھائے تاکہ یہ موجودہ terrorism ختم ہو سکے۔

مجھے ایک چیز کے بارے میں تھوڑا گلہ بھی ہے، اپنے ملک میں پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے بھائیوں سے گلہ ہے کہ جب ہماری جانیں جا رہی ہیں اور شہید ہو رہے ہیں اور یہ سلسلہ 1979 سے جاری ہے، جب ہم پاکستان کی بات کرتے ہیں تو کبھی بھی میں نے یہ نہیں دیکھا کہ بلوچستان میں، سندھ میں یا پنجاب میں کسی نے ہڑتال کی call دی ہو، کسی نے سوگ کا اعلان کیا ہو کہ ایک صوبے میں جس میں ازبک، چیچن، تاجک آ کر آباد ہو رہے ہیں اور وہ لوگوں کو شہید بھی کر رہے ہیں، قتل و غارت بھی کر رہے ہیں، ان کی وجہ سے ہمارے سکول بھی تباہ ہو رہے ہیں۔ چلو! ان پاکستانی پختون بھائیوں کے ساتھ آج ہم اپنے صوبے سوگ منائیں گے۔ مجھے یہ گلہ ہے۔

ہمارے قبائلی غیرت مند جن کا کشمیر آزاد کرانے میں تھوڑا بہت کردار تھا، آج وہ محسود قبائل تباہ و برباد ہو گئے۔ ان کی روایات ختم ہو گئیں۔ ان کا جرگہ نظام تباہ ہو گیا۔ بیشک law and order صوبائی مسئلہ ہے مگر یہ تو بیرونی جارحیت ہے۔ ہم مانتے ہیں کہ صوبائی حکومت law and order maintain کرنے میں ناکام ہے۔ لوگ پشاور سے ہجرت کر رہے ہیں اور ان کو دوسرے صوبوں میں مدینہ والوں کی طرح کوئی عزت نہیں ملتی۔ ان کو لاہور، پنڈی، کراچی اور سندھ میں ہر جگہ ڈاکوؤں کی طرح دیکھتے ہیں۔ ایک طرف ہم ہجرت پر مجبور ہو رہے ہیں اور دوسری طرف ہجرت کرنے والوں کے ساتھ جو سلوک دوسرے صوبوں میں ہوتا ہے، وہ نہایت ہی ہتک آمیز ہے، ان کی بے عزتی اور رسوائی ہوتی ہے۔ کبھی ان کے شناختی کارڈ check کرتے ہیں، کبھی ان کا نکاح نامہ check کیا جاتا ہے، کبھی ان کا

driving license check کرتے ہیں یعنی کہ ان کو ذلیل کیا جاتا ہے، ہماری قوم اور ہماری نسل کو ذلیل کیا جاتا ہے۔ ہمیں ایسا نہیں بولنا چاہیے، میں معافی چاہتا ہوں اپنے ان الفاظ پر مگر میری قوم کو تباہ و برباد کیا جارہا ہے۔ ہماری پالیسی تو ویسے صوبائی خود مختاری ہے اور ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ آپ خیبر پختونخوا میں PTI والوں کو شہید کریں۔ ہم ان لوگوں کی شہادت نہیں چاہتے مگر ان کے ساتھ یہ test match کھیلنا بند کریں۔ اب 20/20 کا زمانہ ہے، ان کے ساتھ match 20/20 کھیلیں اور پوچھیں کہ کیا کرنا ہے۔ لوگ ہجرت کر رہے ہیں، آپ طالبان کا نعرہ لگا رہے ہیں، آپ کا نام طالبان خان رکھا گیا۔ یہ کام وفاقی حکومت کا ہے کہ وہ ان سے پوچھے اور ان کو شہید نہ کرے۔

حکومت نے مذاکرات کے لیے جو بندے چنے، افراسیاب خٹک صاحب نے بالکل صحیح بتایا کہ وہ حکومت کے نہیں ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ وہ حکومت کے سفیر تھے، طالبان کے سفیر تھے اور حکومت چن چن کر ان سفیروں کو لے آئی۔ طالبان بنانے میں ان سفیروں کا بڑا role تھا اور افغانستان کا پہلا خود کش حملہ جو ہوا تھا اس کے بارے میں ان سفیروں میں سے کسی نے اس کا مشورہ دیا تھا اور طالبان نے مذاکرات کے لیے جو اپنے لوگ مقرر کیے وہ طالبان کا سیاسی wing تھا جو میں پہلے اس فلور پر بیان کر چکا ہوں۔ انہوں نے اپنا سیاسی wing پیش کیا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ طالبان کے ساتھ جس وقت روس اور امریکہ کی جنگ جاری تھی تو اس وقت ہمارے قائد نے کہا تھا کہ یہ جہاد نہیں فساد ہے۔ ہمارے قائد کو روس اور انڈیا کا ایجنٹ کہا گیا اور امریکہ نے ان کو استعمال کر کے چھوڑ دیا اور ان کو دھوکا دیا اور ان کو جنگلوں اور پہاڑوں میں بھوکا ننگا چھوڑ دیا۔ آج پھر ان طالبان کے ساتھ ایک دھوکا ہو گیا۔ طالبان کے سیاسی wing elections میں ان کی support حاصل کر کے اسلام کے نام پر اسلام آباد تو پہنچ گئے مگر آج وہ طالبان کے issue پر بات کرنے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں کہ وہ ان مذاکرات کا حصہ بنیں اور ان کے لیے آواز اٹھائیں۔ اگر اسلامی نظام ان کی demand ہے تو آئیں اور لے آئیں۔ میں پانچ وقت نماز پڑھتا ہوں، روزہ رکھتا ہوں، مجھے کوئی تکلیف نہیں ہے اسلامی نظام سے مگر ہمیں ڈنڈے والا اسلام نہیں چاہیے۔

مقام عبرت ہے کہ جہاد کے نام پر لاکھوں لوگ شہید ہو گئے، ووٹ لینے کے لیے تقریروں میں جہاد، شہادت اور ان کو شہید قرار دے رہے ہیں۔ وہ ووٹ لینے کے لیے تو بہتر تھے لیکن آج جب ان کے لیے بات کرنی ہے تو جرگے میں بیٹھنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ جس جنگ میں 2003 سے لے کر ابھی تک 50943 لوگ شہید ہو گئے، 389 خود کش دھماکے ہوئے، 4754 bomb blasts ہوئے، اتنے بڑے جرگے میں مذاکرات کے لیے اگر کسی کا نام لیا جاتا ہے اور وہ انکار کرتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ پچاس ہزار شہدا، پاکستان کے مستقبل اور سب سے بڑھ کر ہمارے دین اسلام کا تشخص برباد ہو رہا ہے۔ اگر اس پر ان کا بھروسا ہے تو وہ بات کیوں نہیں کر رہا؟ قرآنی آیات سے ثابت ہے کہ نیک کاموں میں تعاون کرو۔ صلح خیر کی بات ہے، پختونوں کی روایت اور ثقافت بھی ہے کہ وہ دشمنی اور جھگڑے کو ختم کرنے کے لیے ہمیشہ مذاکرات کرتے ہیں۔ ANP اپنے 850 کارکنوں، میاں افتخار کے اکلوتے بیٹے اور بشیر بلور کی شہادت معاف کرنے کو تیار ہے مگر امن دے دیں۔ اگر طالبان مجھے اختیار دیں، میں ان کے لیے مذاکرات کرنے کے لیے تیار ہوں، کوئی جائے یا نہ جائے میں تیار ہوں کیونکہ یہ جرگہ ہے۔ اگر وہ غلط کہے گا تو میں اس کے منہ پر کہوں گا کہ تم غلط کہہ رہے ہو اور اگر وہ صحیح بولے گا تو میں حکومت پاکستان کو کہوں گا کہ وہ صحیح کہہ رہا ہے۔ اگر ایک مرد میں اتنی جرات نہیں ہے کہ وہ غلط کو غلط اور

صحیح کو صحیح کہہ سکے تو وہ کہاں کا لیڈر ہے؟ وہ بات تو امریکہ کو جواب دینے اور ڈرون گرانے کی کرتا ہے، ساری پارٹیاں غلط ہیں، ان میں rift ہے، جب میں Prime Minister بنا تو انصاف دوں۔ کیا خدا، رسول اور قانون Prime Minister بننے والے کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ سچ نہ بولا جائے گا؟ اگر ایک لیڈر بڑے بڑے دعوے کرے اور ایک چھوٹے سے صوبے میں وزیر اعلیٰ سے مایوس ہو جائے کہ وہ فلاں کی شہادت پر نہیں گیا تو پاکستان کا کیا کرے گا؟ مایوسی کفر ہے۔ اسی لیے میں نے کہا تھا کہ PTI سیاسی جماعت نہیں ہے، یہ ایک virus ہے جو موبائل فون اور لیپ ٹاپ کے ذریعے جوانوں کے ذہنوں میں گھسا ہوا ہے۔ اس کو خیبر پختونخوا کی لیبارٹری میں بھیجا گیا ہے، وہاں سے اس کا Lab test کروا کر Anti Virus کے ذریعے ختم اور delete کیا جائے ورنہ یہ virus اگر پاکستان میں پھیل گیا تو خدا نہ کرے، یہ تباہی کی طرف لے کر جائے گا۔

میں نے 6 نومبر 2012 کو floor of the House پر کہا تھا کہ انشااللہ ANP کا نمبر ختم ہو جائے گا اور وہ تقریباً ختم ہو گیا ہے۔ اب روزانہ Police mobiles پر attacks ہو رہے ہیں اور چھ، چھ پولیس والے مر رہے ہیں۔ ایک گھنٹے میں ریجنرز کے تین لوگ شہید ہو رہے ہیں۔ پولیس تھانوں سے اور ریجنرز والے اپنے headquarter سے نہ نکل سکیں تو وہاں کیا بنے گا، کبھی اس کے بارے میں سوچا ہے؟ ہم اس آپریشن کو appreciate کرتے ہیں مگر اس کے result سے ہرگز مطمئن نہیں ہیں۔ وہاں پر وہی جنگل کا قانون ہے، لاشیں گر رہی ہیں، بھتے کی پرچیاں چل رہی ہیں اور آج میری وہ بات سچ ہو گئی ہے۔ میں طالبان خان کے لیے ایک شعر کہوں گا۔

اے مرد مجاہد بھاگ ذرا اب وقت شہادت ہے آیا

آخر میں کہوں گا کہ آئیں، سب مل کر پاکستان کو بچائیں، جماعتیں، صوبے، قومیت اور مسلک چھوڑ دیں، کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں، جن پر سیاست نہیں کی جاتی۔ ہمارے ساتھ بہت ظلم ہوا اور ANP کو تباہ و برباد کیا گیا۔ لوگوں نے ہمیں اکیلا چھوڑ دیا اور کسی نے ہمارے لیے آواز نہیں اٹھائی۔ ہمارے آٹھ سو کارکن شہید ہوئے، ہمیں اس ایوان میں ہمارے قریبی دوستوں نے طعنے بھی دیے کہ آپ کی کارکردگی اچھی نہیں تو میں نے دعا کی کہ اللہ کرے کہ آپ کی گاڑی کے قریب ایک، دو دھماکے ہوں تو وہ بولے تو بہ کرو، اس طرح نہ کہو۔ میں پھر کہتا ہوں کہ خدا کرے کہ تم لوگوں پر وہ وقت آئے جو ANP پر گزرا ہے پھر پتا چلے گا کہ طعنہ کیا ہوتا ہے، طعنے کا مطلب کیا ہوتا ہے اور دل جلنا کیا ہوتا ہے۔ پھر بھی پاکستان اور اسلام کی خاطر، ہمارے ساتھ جو ظلم ہوا، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہماری جنگ ہے، اس کو فوج، پولیس، FC یا کسی ایک بندے اور قومیت پر نہ ڈالا جائے، یہ ہم سب کی جنگ ہے اور اداروں کو مضبوط کرنا پاکستان کو مضبوط کرنا ہے۔ اپنے اداروں کو مضبوط کرو۔

کرو نہ فکر ضرورت پڑی تو ہم دیں گے
لہو کا تیل چراغوں میں روشنی کے لیے

جناب ڈپٹی چیئرمین: صالح شاہ صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان کی بات ختم ہو جائے تو آخر میں point of order لیں گے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں ہو گا، جعفر صاحب I will assure you کہ نہیں ہو گا۔ شاہی سید صاحب کی تقریر سے ایک چیز ہو گئی کہ جو معزز ممبران سوئے ہوئے تھے، وہ سب جاگ گئے ہیں۔

سینیٹر محمد صالح شاہ: نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ ایک کہاوت ہے۔

یار من افغان شد، پشتو نہ داند، سو کند، او بگوید دال راشہ، من نہ دانم چہ کنم

جناب چیئرمین! میں اس سلسلے میں ایوان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں تشریف فرما سینیٹر حضرات یا اسمبلی کے ممبران ہوں، یوں لگتا ہے کہ یا تو ان کی عمر پچیس سے تیس سال ہے یا یہ سابقہ ادوار میں جو کچھ ہوا، اس کو بھول کر یہاں پر اپنی مرضی سے جو بولنا چاہتے ہیں، بولتے رہتے ہیں۔ میں ایوان سے معذرت خواہ ہوں، شاید آپ کو یاد نہیں لیکن مجھے یاد ہے کہ جب روس افغانستان پر قابض ہوا تو یہی لوگ جن کو آج ہم اس floor پر دہشت گرد قرار دے رہے ہیں، یہ پاکستان کے ہیرو تھے۔ اس وقت احمد شاہ مسعود، گلبدین حکمت یار، محمد نبی اور جلال الدین حقانی پاکستان کے ہیرو تھے۔ ان کو کہاں پر تربیت دی گئی تھی؟ یوں لگتا ہے کہ پورا ایوان یہ بات بھول چکا ہے یا دانستہ طور پر اس کا ذکر کرنا مناسب نہیں سمجھتا۔ جناب چیئرمین! اس وقت ہم روس کو جابر، غاصب کے انداز میں پیش کرتے تھے اور ان کے لیے ہم نے ایک فوج کو تربیت دی جو گلبدین حکمت یار، مجددی اور احمد شاہ مسعود کے دامن میں رہتی تھی اور ہم پاکستان والے اس کو support کیا کرتے تھے اور ان کو تربیت بھی دی جا رہی تھی۔ جناب چیئرمین! میں جذبات میں نہیں آیا ہوں اور نہ ہی میری تقریر کو جذباتی انداز میں لیا جائے۔ میں ایک تاریخ دہرانا چاہتا ہوں، یہ قصور دہشت گردوں کا ہے یا پاکستان کی ناقص پالیسیوں کا ہے؟

جناب چیئرمین! فارسی میں ایک شعر ہے

خشت اول چوں نہد معمار کج

تا ثریا می رود دیوار کج

طالبان کی حکومت کس نے تسلیم کی تھی، طالبان کی حکومت اسی پاکستان نے تسلیم کی تھی اور طالبان کی حکومت کو اسی پاکستان نے support کیا تھا۔ اسی پاکستان نے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے افغانستان کے سفیر ملا عبدالسلام ضعیف کے ہاتھ پاؤں باندھ کر America کے حوالے کیا، یہ ہماری پالیسی ہے۔ ہم دہشت گردوں اور دوسروں پر اعتراضات کرتے ہیں، جناب چیئرمین! یہ ہم نے خود بنائے ہیں۔ اسی دور میں، یہی ہمارے قبائل جو آج کل بدنام ہیں، Russia کے دور سے لے کر طالبان کے دور تک ان کے ہاتھوں میں کلاشنکوف طالبان نے نہیں دی، افغانستان حکومت نے نہیں دی تھی، اسی پاکستانی حکومت نے کلاشنکوف دی تھی۔ ہمارے نوجوان قبائل بیس سال اس میں مصروف کار رہے جب America افغانستان پر قابض ہوا تو ظاہر ہے کہ غلامی تو ہمارے مزاج میں ہے، اس وقت u-

turn لینے کا حکم آیا۔ جناب چیئرمین! آپ اور بہت سے ساتھیوں کو معلوم ہوگا، مسجد قبلتین جس میں آقا دو جہاں محمد ﷺ نماز پڑھاتے تھے، اچانک وحی نازل ہوئی (تلاوت) ہمیں، پاکستانی قوم کو بھی America کی طرف سے ایک جعلی وحی آئی کہ نہیں، آپ سولہ سال سے لڑ رہے تھے، وہ جہاد تھا، جب وہاں پر America قابض ہوا، اب وہ جہاد نہیں ہے۔ افغانستان میں America کے خلاف لڑنے والے دہشت گرد ہیں، ہم نے اس کو مان لیا۔ جناب چیئرمین! ہم کچھ تو اپنی پالیسی پر غور کریں کہ ہماری اپنی پالیسی کیا ہے۔ یہ جو قبائلی علاقوں میں حالات خراب ہیں، کیا یہ طالبان کی وجہ سے خراب ہیں یا ہماری اپنی ناقص پالیسی کی وجہ سے ہیں؟ جناب چیئرمین! میں معذرت خواہ ہوں، یہاں پر تین، چار گروہ ہیں، یہ فریق ہیں اور دوسرا فریق دہشت گرد ہیں، تیسرا فریق عوام ہیں اور چوتھا فریق ہمارے Parliamentarians ہیں۔ حکومت کا یہ mission اور ہدف ہے کہ وہ ملک میں امن قائم کرے، وہ انصاف و عدل قائم کرے، غریب عوام کو سہولیات فراہم کرے اور دہشت گردوں کا mission اور ہدف ہے کہ وہ ملک میں بدامنی پھیلائیں، تخریب کاری کریں اور فساد پھیلائیں۔ جناب چیئرمین! یہ operation تور کا نہیں ہے، وزیرستان سے لے کر باجوڑ تک اسی خطے میں مسلسل operation ہو رہا ہے۔

جناب! میں مذاکرات کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں، اس ایوان کو یہ اندازہ لگانا چاہیے کہ ہم نے دس سال سے operation کا راستہ اختیار کیا ہے، کیا ہم operation کے ذریعے پاکستان میں امن لائے ہیں؟ خواہ پیپلز پارٹی کا دور حکومت ہو، خواہ مشرف کا دور حکومت ہو۔ موجودہ حکومت کو تو چھ، سات مہینے گزر چکے ہیں پھر بھی موجودہ حکومت مورد الزام ہے لیکن میں تہہ دل سے نواز شریف کو داد دیتا ہوں کہ ان کی پارٹی کے اجلاس میں ان کے اراکین نے، ان کی رائے کے خلاف رائے دی لیکن پھر بھی نواز شریف نے پاکستان کے مفاد کو مدنظر رکھ کر مذاکرات کو ترجیح دی۔ جناب چیئرمین! کمی بیشی ضرور ہوگی، حکومت کا mission اور اہداف یہ ہیں کہ وہ ملک میں امن قائم کرے اور دہشت گردوں کے اہداف یہ ہیں کہ وہ ملک میں تخریب کاری، فساد اور بدامنی قائم کریں۔ میں نے دس سال میں جو نتیجہ نکالا ہے، وہ یہ ہے کہ دہشت گرد اپنے mission میں تاحال کامیاب رہے ہیں کیونکہ ملک میں دہشت گردی ہے۔ پیپلز پارٹی بھی اپنے دور حکومت میں امن قائم کرنے میں ناکام رہی ہے، مشرف کا دور حکومت بھی امن قائم کرنے میں ناکام رہا ہے اور موجودہ حکومت کے بارے میں یہ اس لیے نہیں کہہ سکتا کہ ان کو سات، آٹھ مہینے ہوئے ہیں کیونکہ پچھلی حکومتوں نے تو اپنے پانچ پانچ سال گزارنے کے بعد بھی امن قائم نہیں کیا۔ ہمارے علاقے میں operation سے دہشت گرد متاثر نہیں ہیں، اس operation سے ہمارے بے چارے عوام متاثر ہیں۔ میں حیران ہوں، میرے جنوبی وزیرستان میں پانچ سال پورے ہوگئے ہیں، جنوبی وزیرستان کا خطہ چالیس کلو میٹرز کے لگ بھگ ہے اور وہاں پر اس کے کونے کونے میں فوج بیٹھی ہے، میرے جنوبی وزیرستان کو پانچ سال میں تاحال control نہیں کیا گیا ہے، میں اس سے مایوس ہوں کہ وہ پورے پاکستان کو control کریں گے۔ میں بحیثیت سینیٹر اپنے جنوبی وزیرستان میں نہیں جا سکتا، جہاں پر IDPs واپس گئے ہیں، وہ 10% گئے ہیں، نوے فیصد جنوبی وزیرستان کا حال بد سے بدتر ہے۔ جب وہاں پر امن قائم نہیں کر سکتے تو ہم کرم، شمالی وزیرستان، باجوڑ، اسلام آباد اور پاکستان کے لیے کیا امید کریں گے۔

جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ عوام جہاں پر بھی ہوں، یہاں پر جو مر رہے ہیں، جو قتل ہو رہے ہیں، جو شہید ہو رہے ہیں، پشاور، لاہور اور کراچی میں ہو رہے ہیں، یہ بے چارے عوام ہو رہے ہیں۔ ہمارے قبائلی علاقوں میں بھی یہی صورت حال ہے، عوام بے چارے دربدر پھر رہے ہیں، ہمارے جنوبی وزیرستان میں لوگوں کو اسلام آباد کی انتظامیہ نے camp لگانے کی اجازت نہیں دی۔ جناب چیئرمین! میں اسی سلسلے میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ جنوبی وزیرستان والے آئے ہیں اور وہ اپنے حقوق کے لیے پرامن camp لگانا چاہتے ہیں اور فریاد کرنے کے لیے لگانا چاہتے ہیں کیونکہ وہاں پر تو media جا سکتا ہے۔ میں خود Commissioner صاحب کے پاس گیا تھا، انہوں نے camp لگانے کی اجازت نہیں دی۔

جناب چیئرمین! چوتھا فریق ہمارے Parliamentarians ہیں، بے ادبی معاف کریں، میں معذرت خواہ ہوں، ہم Parliamentarians حضرات کے بارے میں یہ ہے کہ ہم عوامی نمائندگان ہیں لیکن مشرف کے دور سے لے کر آج تک اس پارلیمان کو مذاکرات میں نمائندگی نہیں دی گئی۔ میں صرف نواز شریف کی حکومت پر تنقید نہیں کرتا، میں پیپلز پارٹی اور مشرف کی حکومتوں کا کہتا ہوں کہ ان دس سال میں Parliamentarians کو نمائندگی کا حق نہیں دیا گیا، اس کا مطلب یہ ہے کہ ان Parliamentarians میں دہشت گردی کے مسئلے کو ختم کرنے کی صلاحیت نہیں ہے یا مذاکرات کرنے کی بھی صلاحیت نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت جان بوجھ کر دہشت گردی کے لیے زمین ہموار کر رہی ہے، اگر یہ دہشت گردی کو واقعی روکنا چاہتے ہیں تو یہ Parliamentarians کس لیے ہیں، یہ ہمارے FATA، پنجاب، سندھ اور بلوچستان والے Parliamentarians ہیں، یہ اتنے ناقص العقل ہیں، ان میں اتنی استعداد نہیں ہے کہ وہ ان مذاکرات کو اس stage پر لائیں جو پاکستان کے مفاد میں ہوں، جو پاکستانی قوم کے مفاد میں ہوں۔ جناب چیئرمین صاحب! موجود حکومت نے کمیٹی تشکیل دی ہے اور طالبان نے بھی کمیٹی تشکیل دی ہے، میں اس پر تنقید نہیں کرنا چاہتا، اس لیے کل اس میں کوئی کمی بیشی ہو جائے تو پھر ہم مورد الزام ہوتے ہیں۔ میں اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے مسائل بلوچستان کے Parliamentarians خود سمجھ سکتے ہیں، پنجاب کے مسائل پنجاب کے Parliamentarians خود سمجھ سکتے ہیں، میں لاہور، پنجاب یا بلوچستان کے مسائل سے اتنی آگاہی نہیں رکھتا لیکن اپنے FATA کے مسائل سے قدم بہ قدم واقف ہوں۔ باجوڑ والے ہوں، خواہ مہمند والے ہوں، خواہ اورکزئی والے ہوں اور خواہ وزیرستان والے ہوں، میں ان کے مسائل سے واقف ہوں۔ ہم Parliamentarians یہ کر سکتے ہیں، ہم ان کے لیے راہ ہموار کر سکتے ہیں۔ جناب چیئرمین! افسوس کی بات ہے کہ تاحال 9/11 کے بعد آج تک اس ایوان یا ایوان زیریں پر اعتماد نہیں کیا گیا اور ان کو اس قابل نہیں سمجھا گیا کہ پارلیمنٹ میں بھی یہ صلاحیت ہے کہ وہ مذاکرات کو اصلی معیار پر لا سکتے ہیں، وہ مذاکرات کے لیے طریقہ کار بنا سکتے ہیں جو پورے پاکستان کے لیے پالیسی بنا سکتے ہیں، پورے پاکستان کے مسائل پر بحث کر سکتے ہیں تو یہ کوئی مشکل بات نہیں ہے کہ ہم ان مسائل پر غور نہ کر سکیں، ہم ان مسائل کو سامنے لائیں۔ افغانستان نے اپنے لیے دوحہ میں دفتر کھولا۔ میں موجودہ حکومت کو اس چیز کی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ اب امریکہ کی طرف سے بھی تائید آئی ہے کہ ہم مذاکرات میں مداخلت نہیں کرنا چاہتے بلکہ اب ڈرون حملوں میں بھی تعطل آیا ہے۔ فی الحال ماحول مذاکرات کے لیے خوشگوار ہے، ہاں کمی بیشی ضرور ہو گی۔ میری گزارش یہ ہے کہ

مذاکرات خواہ یہاں سے ہوں یا وہاں سے ہوں، ہمیں اس پر تنقید کی بجائے دعا کرنی چاہیے، اگر یہ کمیٹیاں ناکام ہو گئیں تو پھر میری حکومت سے درخواست ہے کہ اس پر دوبارہ غور کر کے پارلیمنٹ کمیٹی بنائے تاکہ یہ مسائل جلد سے جلد حل ہوں سکیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ راجہ ظفر الحق صاحب۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! کل ساجد میر صاحب نہیں ہوں گے، ان کو تھوڑا time دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ساجد میر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین! democracy میں حکومت کا کام ہے کہ ہر sector میں، ہر میدان میں اچھی governance دینے کی کوشش کرنا، لوگوں کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرنا اور اپوزیشن کا کام ہے کہ غلطیوں کی نشاندہی کر کے انہیں راہ راست پر رکھنا۔ ہمارے برابر میں بیٹھے ہوئے دوست بڑی خوش اسلوبی سے غلطیوں کی نشاندہی کرنے کا اور حکومت کو راہ راست پر رکھنے کا فرض انجام دیتے رہتے ہیں لیکن بعض اوقات انداز اس طرح ہوتا ہے کہ جیسے یہ غلطی یا خرابی بس آج ہی شروع ہوئی ہے۔ یہاں پر ابھی ہمارے ایک ساتھی کی گفتگو کا خلاصہ یہ تھا کہ کچھ لوگ دہشتگردی سے مر رہے ہیں اور کچھ لوگ مہنگائی سے مر رہے ہیں، درست ہے لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ دہشتگردی اور مہنگائی سے جون 2014 سے مرنے شروع ہوئے ہیں یا اس سے پہلے بھی مر رہے تھے۔ بعض لوگ بڑے بھولے سے انداز میں یہ بھی کہتے ہیں کہ جناب چیئرمین یہ کیا ہو رہا ہے، جناب چیئرمین ہم کہاں جا رہے ہیں، کدھر جا رہے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ ابھی تک تو زیادہ تر وہی ہو رہا ہے جو آپ کے دور میں ہوتا رہا ہے اور کہاں جا رہے ہیں، کدھر جا رہے ہیں کا جواب ہے کہ direction change ہو رہی ہے اور انشاء اللہ حالات بہتر ہوں گے۔ بعض لوگ اس میں اضافہ کرتے ہیں کہ حکومت کیا کر رہی ہے، نہ کوئی پالیسی ہے، نہ کوئی vision ہے۔ یہ ایک تضاد کی سی صورتحال ہے، ایک طرف تو اعتراض ہے کہ حکومت کسی کو اعتماد میں لیتی ہی نہیں، کچھ بتاتی ہی نہیں اور دوسری طرف اندر کی خبر لاتے ہیں کہ ہم نے خوب جھانک کر اندازہ کر لیا ہے کہ کوئی vision نہیں ہے، کوئی planning نہیں ہو رہی، کچھ نہیں ہو رہا۔

جناب! مختلف مسائل میں task forces بھی بنائی گئی ہیں، حکومتی ٹیمیں بھی بنی ہیں، وزرا کی sub committees بھی بنی ہیں، energy sector میں کام planning and vision کے بعد شروع ہو چکا ہے، Dams کی تعمیر کے لیے کام شروع ہے، پہلے دور میں بھی شروع ہوا لیکن اس طرح سے شروع نہیں ہوا۔ منصوبہ بندی اور سوچنے کے لیے کچھ وقت چاہیے اور وقت لیا گیا اور اسے avail کیا گیا۔ جہاں تک law and order اور دہشتگردی کا تعلق ہے تو break through کے طرح کی ایک اہم پیش رفت طالبان کے ساتھ یا دہشتگردوں کے ساتھ مذاکرات کا فیصلہ تھا جس پر APC بلائی گئی، سیاسی پارٹیوں کو اعتماد میں لیا گیا، یہ الگ بات ہے کہ آج بھی ایک سیاسی پارٹی کے representative نے یہ کہا کہ آپ آئین شکنوں سے مذاکرات کرتے ہیں، ہزاروں فوجیوں اور civilians کو شہید

کرنے والوں سے مذاکرات کرتے ہیں۔ ہم ان سے اس لیے مذاکرات کرتے ہیں کہ وہ مزید لوگوں کو شہید نہ کریں اور وہ آئین کے دائرے میں آجائیں، اس میں کوئی گناہ نہیں ہے، کوئی غلط بات نہیں ہے۔

Operation پر زور دینے والے یہ بات بھول جاتے ہیں کہ operation پہلے بھی ہوتا رہا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اب اس کی قطعاً ضرورت نہیں رہی اور آئندہ بھی ضرورت نہیں پڑے گی لیکن اس کے اثرات civilians، بے گناہ اور معصوم لوگوں پر خود کش حملوں کی شکل میں ہوئے۔ اس کے لیے کوئی security system نہیں بنایا گیا، صرف operation پر زور دیا جاتا رہا اور اب بھی زور دیا جا رہا ہے کہ operation کیا جائے۔ آپ یورپ چلے جائیں، ترقی یافتہ ملکوں میں چلے جائیں وہاں پر آپ کو پولیس اور security forces کی presence بہت کم نظر آئے گی، اس لیے کہ وہ technology پر انحصار کرتے ہیں، ہمارے ہاں سرے سے اس کی طرف توجہ دی ہی نہیں گئی۔ اب اگر دی جا رہی ہے تو اسے in place کرنے میں کچھ وقت لگے گا۔ ان باتوں کی طرف توجہ دیے بغیر اعتراض کرنا مناسب بات نہیں ہے۔ مذاکرات کے حوالے سے ایک اعتراض یہ کیا جا رہا ہے کہ APC کے بعد اتنا عرصہ تاخیر ہوئی اور پھر اس gap کو مفروضوں سے fill کیا جاتا ہے اور یہ کہا جاتا ہے کہ اس عرصہ میں کچھ بھی نہیں ہوا۔ جہاں تک مجھے معلوم ہوا کہ اس سلسلے میں رابطے بھی ہوئے اور بعض رابطوں کا حکومت کے پاس ثبوت بھی موجود ہے، جو دستاویزی ثبوت کے طور پر بھی پیش کیا جا سکتا ہے لیکن یہ باتیں public میں کرنے والی تو نہیں ہوتیں، کچھ چیزیں اعتماد پر چلتی ہیں۔ اب یہ کہنا کہ APC کے بعد حکومت ایک لمبی نیند سوتی رہی اور اس نے کچھ بھی نہیں کیا، یہ بات مفروضے پر مبنی ہے اور مناسب نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ پس پردہ تیاری ہوتی ہے، ground تیار کیا جاتا ہے، پھر اس کے بعد ہی بات آگے بڑھتی ہے اور مذاکرات شروع ہوتے ہیں۔

دوسرا یہ کہا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ کو یا سیاسی پارٹیوں کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ گزارش یہ ہے کہ broad spectrum میں اعتماد میں لینے والی بات broad based ہوتی ہے۔ ایک بڑے معزز اور قابل ساتھی کہہ رہے تھے کہ برطانیہ سے، افغانستان سے، ایران سے اور بھارت سے نہیں پوچھا گیا، یعنی ان ایک ایک سے پوچھو اور پھر ان کو آکر بتاؤ کہ ہم نے ان سے یہ کہا اور انہوں نے ہمیں یہ کہا، یہ کوئی کرنے والی بات ہے کہ ہر ایک سے NOC لو۔ اگر امریکہ نے اب یہ کہا کہ پاکستان مذاکرات کرنے میں free and independent ہے تو کیا یہ بغیر رابطے کے ہو گیا یا انہوں نے یہاں بیٹھے بیٹھے مذاکرات کا فیصلہ کیا اور انہوں نے وہاں بیٹھے بیٹھے کہہ دیا کہ ہاں کرو۔ اگر یہ ہوتا تو فوراً ہوتا، ادھر یہ مذاکرات کی بات کرتے اور ادھر وہ اپنا ردعمل ظاہر کرتے لیکن یہ کچھ وقت کے بعد رابطوں اور بات چیت کے بعد ہوا۔ جہاں رابطہ کرنا ضروری ہے، وہاں کیا گیا لیکن یہ کہ بھارت سے، افغانستان سے اور ایران سے پوچھ لو اور پھر ہمیں آکر بتاؤ کہ انہوں نے کیا کہا ہے، یہ بڑی عجیب بات ہے۔

ایک اور معزز ساتھی جو یقیناً بڑے قابل parliamentarian ہیں انہوں نے بھی اپنی باتوں کے تضادات پر غور نہیں فرمایا۔ حکومت نے کچھ غیر سرکاری افراد کو ٹیم میں مقرر کیا تو انہوں نے کہا کہ یہ مذاکرات privatize ہو گئے ہیں اور طالبان نے کچھ لوگوں کو نامزد کیا تو کہا گیا کہ انہوں نے اپنا political face and wing ظاہر کر دیا ہے، یعنی اس پر تھوڑا سا غور کریں کہ اگر حکومت کچھ افراد کو نامزد کرے تو وہ private ہی رہیں گے لیکن اگر طالبان نامزد کریں تو وہ

ان کے نمائندے ہو جائیں گے، میں انہیں support نہیں کر رہا جن کو طالبان نے نامزد کیا ہے لیکن logic کی بات ہے، logical بات کریں کہ ایک ٹیم جو حکومت مقرر کرتی ہے وہ غیر سرکاری ہے اور privatize قسم کے مذاکرات ہیں لیکن جو دوسری پارٹی مقرر کرتی ہے تو وہ اعلان کرتے ہی ان کے ہو جاتے ہیں اور ان کا political face ظاہر ہو گیا ہے، یہ کیسی illogical بات ہے اور کتنا بڑا تضاد ہے۔

جناب چیئرمین! مذاکرات ایک serious مسئلہ ہے، انہیں اس کو seriously لینا چاہیے اور انہیں seriously آگے بڑھنے کا موقع دینا چاہیے تاکہ اللہ کرے کے اس سے کچھ نتیجہ برآمد ہو۔ ہمارے ایک قابل ساتھی نے ایک اور بات کی کہ حکومتی ٹیم کے ایک رکن سے پوچھا گیا کہ بڑے طالبان گروپ سے اگر آپ بات کرتے ہیں، اگر چھوٹے گروپ یا دوسرے گروپ اس کے نتائج کو قبول نہیں کرتے تو پھر کیا ہو گا تو انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ چھوٹے بھی اس کو قبول کر لیں گے۔ اس پر یہ اعتراض کیا گیا کہ یہ ایک presumption ہے اور دیکھیں جی حکومتی ٹیم presumption پر بنیاد رکھ کر آگے جا رہی ہے۔ میں بڑے ادب سے یہ کہوں گا کہ presumption اور assumption ان کی supposition میں بڑا فرق ہے supposition baseless بھی ہو سکتی ہے assumption baseless بھی ہو سکتی ہے لیکن presumption baseless نہیں ہوتی۔ ڈکشنری کے مطابق something that is or may be presumed to be true. یہ ایک قیاس ہوتا ہے جس کی بنیاد کچھ حقائق ہوتے ہیں۔ اس بنیاد پر presumption کا لفظ یا اس کا ہم معنی لفظ حکومتی ٹیم کے رکن نے استعمال کیا اور اس میں کوئی بری یا قابل اعتراض بات نہیں ہے۔ زندگی اور سیاست یہ تو قیاسات کا، possibilities کا اور presumptions کا کھیل ہے۔ ایک امیدوار میدان میں اس لیے آتا ہے، ایک حکومت اس لیے بنتی ہے کہ وہ یہ presume کرتے ہیں کہ ملک کے مسائل حل کریں گے اور ہم ملک کے مسائل حل کرنے کے قابل ہیں۔ وہ غلط بھی ہو سکتا ہے اور صحیح بھی ہو سکتا ہے لیکن presumptions بنیاد ہیں ہر کام میں، زندگی میں اور سیاست میں۔ اس لیے لفظوں سے کھیلنے سے کچھ نہیں ہو گا۔ آپ خود بھی assumption سے اور supposition سے بچیں۔ مذاکرات جیسے میں نے کہا حساس ہیں، مفروضوں پر نہ چلیں۔ ایک اور مفروضہ جس کا میں آخر میں ذکر کرنا چاہتا ہوں لیکن یہ مفروضہ ایک ایسا مفروضہ ہے---

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ آخری مفروضہ ہو کیونکہ آپ کا وقت پورا ہو چکا ہے۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: میں دوسروں کے مفروضوں کی بات کر رہا ہوں میرے اپنے مفروضے کوئی نہیں ہیں، میں مفروضوں کے بغیر ہی چل رہا ہوں۔ بعض اخبارات نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پارٹی میٹنگ کو غلط رپورٹ کیا کہ لوگوں نے آپریشن کے حق میں رائے دی ہے۔ نہ وہاں رائے طلب کی گئی، راجہ صاحب تشریف فرما ہیں انہیں پتا ہے، باقی دوست جو وہاں موجود تھے ان کو بھی پتا ہے۔ نہ رائے طلب کی گئی اور نہ رائے دی گئی اور نہ یہ formally question پارٹی کی میٹنگ میں پیش ہوا کہ مذاکرات کرنے ہیں یا آپریشن کرنا ہے۔ اگلے دن ایک اخبار میں یہ دیکھ کر میں خود بھی حیران ہوا کہ ہاتھ کھڑے کرائے گئے اور ہاتھ کھڑے کیے گئے۔ ایسا کچھ بھی نہیں ہوا کیونکہ

میں آخر تک میٹنگ میں خود موجود تھا۔اس بات پر بنیاد رکھ کر یہ کہا جا رہا ہے کہ پارٹی کے فیصلے کے باوجود اور پارلیمنٹ میں پہلے تقریر کچھ اور تھی اور آخری پیرا کچھ اور تھا، سب کچھ سوچا سمجھا ہے اور پلان کے مطابق ہے۔اس پلان کو چلنے دیں اس کی کامیابی کی دعا کریں تاکہ پاکستان ایک بہت ہی بڑے گھمبیر مسئلے سے باہر آئے جو دہشت گردی کی صورت میں ہمارے وجود کو گھن کی طرح چاٹ رہا ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سحر کامران آپ Point of Order پر بولنا چاہتی ہیں۔اگر آپ تقریر کرنا چاہتی ہیں تو بعد میں آپ کو وقت دوں گا۔جی جعفر اقبال صاحب۔

Points of Orders:
Regarding Confusion on Raising Point of Order

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: شکریہ۔جناب چیئرمین! میرا اس وقت تو Point of Order کچھ اور تھا اب کچھ اور ہے۔ میں صرف آپ کے نوٹس میں یہ لانا چاہوں گا۔ بڑی عجیب سی confusion ہے کہ Point of Order جو ہے وہ Rule 243 کے مطابق ہوتا ہے اور 243 کہتا ہے اس کا part-B. A Point of Order may be raised in relation to the business before the Senate at the moment میں آج آپ سے صرف اتنی ruling لینا چاہوں گا یا آپ اس point کو refer کر دیں Standing Committee کو کہ Point of Order کی یہ جو confusion ہے کہ آپ آخر میں ایوان کو Point of Order کی اجازت دیتے ہیں بہت ہی اچھی بات ہے، بہت سارے ایسے issues ہیں جو معزز اراکین raise کرنا چاہتے ہیں لیکن جو اس وقت Point of Order ہے جس کو میں نے ابھی پڑھا ہے اس کی وہ اہمیت ختم ہو جاتی ہے۔ تو کیا آپ اس پر اپنی ruling دیں گے کہ وہ Point of Order جو ان Rules کے مطابق ہو اس کو ہم urgent Point of Order کہہ لیں اور اس کو ہم normal Point of Order کہہ لیں۔ کیا آپ یہ ruling دینا پسند کریں گے یا اس چیز کو آپ Standing Committee for Rules and Procedure کو refer کر دیں تاکہ وہ اس میں کوئی نہ کوئی راستہ نکالے کیونکہ آئے دن۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جعفر صاحب، ایڈوائزری کمیٹی میں یہ فیصلہ ہو چکا تھا کہ debate کے بعد آخر میں Point of Order لیے جائیں گے۔اور دوسری بات یہ بھی کہی گئی کہ دو منٹ یا اڑھائی منٹ سے زیادہ کوئی وقت نہیں لے گا۔آپ کے اڑھائی منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: I don't agree جناب چیئرمین! دیکھیں اس کو seriously لیں اور rule amend کر لیں۔ جب ایک debate چل رہی ہوتی ہے اس کے حوالے سے کوئی چیز correct کرنی ہو تو Point of Order یہ کہتا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کو قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف دیکھ لیں گے۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: آپ مہربانی کر کے اس کو Standing Committee کو refer کر دیں یا اس کو آپ دیکھ لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نے نوٹ کر لیا ہے اور اگر وہ مناسب سمجھیں تو کر لیں۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: انہوں نے تو note کر لیا ہے مگر آپ کی بھی تو کوئی ruling اس پر آنی چاہیے کہ آپ کیا فرماتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اس کو چھوڑیں اور جس Point of Order پر آپ بولنا چاہتے ہیں اس پر بولیں۔ یہ فیصلہ Advisory Committee میں ہو چکا ہے آپ اس کو چھوڑ دیں۔ آپ اپنی بات کریں۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: میں بار بار آپ کو ضرور یاد دلاتا رہوں گا تو kindly آپ اس کو ضروری consider کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سحر کامران صاحبہ۔

Regarding Apprehensions on the Nuclear Reactors

سینیٹر سحر کامران: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں کوشش کروں گی کہ اڑھائی منٹ کے اندر مکمل کروں۔ میں بات کرنا چاہ رہی تھی nuclear reactors کی safety کے بارے میں جو خدشات ہیں ان کے حوالے سے۔ آج سینیٹر سعید غنی بہت ہی اچھا Calling Attention Notice لے کر آئے جس سے ہمیں اپنے nuclear reactors کے بارے میں جو خدشات ہیں ان کی وضاحت کرنے کا موقع ملا۔ جو misperceptions ہیں ان کو دور کرنے کا موقع ملا۔ چین سے پاکستان نے جن nuclear reactors کے لیے معاہدہ کیا ہے یہ ACP1000 nuclear reactors ہیں جو کہ فرانس کے M310 design کی advance technology ہیں اور سینیٹر فرحت اللہ بابر نے بالکل صحیح فرمایا کہ ان کا outer shell اتنا مضبوط ہے کہ اس پر اگر جہاز بھی گرایا جائے تو کوئی damage نہیں ہو گا۔ ایسے جتنے بھی خدشات ہیں کہ ان سے کوئی radiation ہو گی وہ غلط ہیں اور جب بھی پاکستان نے اپنے energy crisis کو دور کرنے کے لیے کسی بھی nuclear reactor کا معاہدہ کیا، چاہے وہ بیالیس سال پہلے KANUPP کا تھا یا پنجاب چشمہ ری ایکٹر کا تھا تو اس قسم کے خدشات کا اظہار بار بار کیا گیا۔ میں یہ بتانا چاہوں گی کہ یہ third generation advance technology ہے اور یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ un-tested nuclear reactors ہیں جو International Atomic Energy Agency ہے وہ تمام safety measures اور requirements کو پوری طرح safe guard کرتی ہے جو کسی بھی nuclear reactor کے بنانے کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ امریکہ نے انڈیا کے ساتھ Civil Nuclear deal کر کے خطے میں ایک عدم توازن پیدا کرنے کی کوشش کی تو پاکستان کو اس سے deny کیا۔ پاکستان میں جو آج energy crisis ہے، پاکستان کو ان nuclear reactors کی آج بہت ہی ضرورت ہے لیکن جیسے ہی پاکستان نے اس پر initiative لیا ایک بار دوبارہ وہی پرانی تاریخ دہرائی جا رہی ہے۔ اس کے بارے میں خدشات اٹھائے جا رہے ہیں لیکن یہ بہت اچھا ہے کہ آج اس ایوان کے ذریعے عوام کے ذہنوں میں بھی اور جو اخبارات میں خبریں آ رہی ہیں ہم ان خدشات کو زائل کریں اور اس ایوان کو بھی یہ بتائیں

اور اس ایوان کے ذریعے میڈیا اور عوام کو کہ یہ nuclear reactors بالکل محفوظ ہیں اور ان کی technology اس technology سے بہت بہتر ہے جو جاپان کے nuclear reactor plant میں تھی وہ ایک extra-ordinary situation تھی وہ second generation technology تھی یہ third generation technology ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ عبدالرؤف صاحب۔

Regarding Graves of Collectively Buried Dead Bodies in Balochistan

سینیٹر عبدالرؤف: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں ایوان کی توجہ اس نکتے کی طرف دلانا چاہوں گا کہ گزشتہ کئی دنوں سے print and electronic media میں صوبہ بلوچستان کے ضلع خضدار میں اجتماعی قبروں کی خبریں آ رہی ہیں اور اس پر وہاں کے ڈپٹی کمشنر نے بھی ایک statement دی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ وہاں پر پندرہ کے قریب اجتماعی قبریں دریافت ہوئی ہیں جب کہ وہاں کے عوام کا یہ کہنا ہے کہ ان قبروں کی تعداد تقریباً اس سے پانچ گنا زیادہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قبروں کی نہیں لاشوں کی تعداد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایک ایک قبر میں پندرہ، پندرہ، بیس، بیس لاشیں ہیں۔

سینیٹر عبدالرؤف: اجتماعی قبروں میں جو لاشیں ہیں ان ہی کی بات کر رہا ہوں۔ وہاں پر جو قبریں دریافت ہوئی ہیں ان کے بارے میں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کم از کم وزارت داخلہ اس بات کی چھان بین کرے اور ایک statement حقائق کی بنیاد پر آنی چاہیے۔ اس خبر نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ پہلے ہی لوگ وہاں ایک تکلیف دہ صورت حال میں ہیں، اگر یہ باتیں اسی انداز سے جاری رہیں اور سچ نکلیں تو اس کے انتہائی خطرناک result نکلیں گے۔ اس لیے میں کہوں گا کہ اس کے بارے میں حقائق عوام کو بتائے جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ عبدالرؤف صاحب، یقیناً یہ بہت تکلیف دہ بات ہے۔ گو یہ معاملہ صوبائی حکومت کا ہے لیکن جو تکلیف پہنچی ہے اور جس تکلیف دہ انداز میں لوگوں کا قتل عام ہوا ہے، میں اس پر قائد ایوان سے عرض کرتا ہوں کہ وہ اس معاملے کو اعلیٰ سطح تک پہنچائیں۔ محسن لغاری صاحب۔

Regarding Casting Aspersions on Someone Who is Absent

سینیٹر محمد محسن خان لغاری: جناب! آپ سے میری ایک گزارش ہے۔ ہمارے ہاؤس میں ایک روایت سی بن گئی ہے، مجھے اچھا نہیں لگتا اور ہمارے rules بھی منع کرتے ہیں کہ we cannot cast aspersions ہم on the conduct of any person who cannot defend himself before the Senate. بار بار دیکھتے ہیں کہ عمران خان صاحب جو نہ خود اس ہاؤس کے ممبر ہیں اور نہ ان کا کوئی اور ممبر یہاں موجود ہے، ان پر بار بار طنز کیا جاتا ہے، ان پر بار بار attacks کیے جاتے ہیں۔ میرے خیال میں ہمارے Rules of Procedure بھی اس چیز

سے منع کرتے ہیں۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ وہ لوگ جو اس ہاؤس میں اپنا دفاع نہیں کر سکتے، اگر ان کے متعلق ایسی کوئی بات ہو تو ہم اسے روک دیا کریں تو بہتر ہو گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی افراسیاب خٹک صاحب۔

سینیٹر افراسیاب خٹک: فاضل ممبر صاحب نے ابھی جو بات اٹھائی ہے کہ جو آدمی یہاں موجود نہ ہو اس کے بارے میں بات نہ کی جائے، دیکھیں! سب سیاسی جماعتوں کے سربراہ یہاں نہیں ہیں، ان سب کے بارے میں بات ہوتی ہے۔ اگر ان کی پارٹی نہیں ہے تو ان کے indirect لوگ تو یہاں ہیں، وہ انہیں defend کریں۔ یہاں سیاسی لوگوں کے بارے میں ضرور بات ہو گی، اگر نہیں ہو گی تو پھر کس چیز کے بارے میں بات کریں گے۔ رولز کی روح کو سمجھیں، الفاظ پر نہ جائیں، روح میں یہ نہیں ہے کہ آپ کسی کے بارے میں بات نہیں کر سکتے۔ مثلاً زرداری صاحب یہاں نہیں ہیں لیکن ان کی پارٹی موجود ہے۔ نواز شریف صاحب یہاں نہیں ہیں لیکن ان کی پارٹی ہے۔ اسی طرح عمران خان کے حامی یہاں ہیں، وہ انہیں defend کریں بجائے اس کے کہ وہ کہیں کہ ان کے بارے میں بات نہ ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سعیدہ اقبال صاحبہ۔

سینیٹر سعیدہ اقبال: میرا point of order نہیں بلکہ اپنی پارٹی کے behalf پر ایک point of explanation ہے۔ یہاں بار بار کہا گیا کہ پچھلی حکومت نے بھی non-parliamentarians کے ذریعے سیاسی گفتگو کی۔ یہ ایک غلط بات یہاں کہی گئی، تاریخ گواہ ہے، خٹک صاحب یہاں موجود ہیں کہ پچھلی حکومت کے دور میں جب بات کی گئی تو سیاسی نمائندوں اور parliamentarians نے کی۔ خٹک صاحب اس بات کے شاہد ہیں اور وہ اس سارے عمل میں موجود تھے۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. The House stands adjourned to meet again on Friday, the 7th February, 2014 at 10:30 am.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 7th February, 2014 at 10:30 am.]